# ارمغانِ اُردو

## رہنمائے اساتذہ برائے جماعت دوم




eri ایجوکیشنل ریسرچ انسٹیٹیوٹ

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوان | مصنف | قواعد | تخلیقی لکھائی |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | حمد (نظم) | صوفی تبسم | فعل | عبارت |
| ۲ | رب کی پہچان | سجیلہ ابرار | ہم آواز الفاظ | مضمون |
| ۳ | سُست کلی | سیما شرف الدین | اسم | کہانی |
| ۴ | صبح کا وقت (نظم) | اسمٰعیل میرٹھی | حرف جار | مضمون |
| ۵ | بھیگا ہوا اناج | سجیلہ ابرار | ختمہ، سکتہ | کہانی |
| ۶ | ٹھہرو! ہاتھ دھو لو | نگہت آرا | فاعل | کتابچہ |
| ۷ | بلّو کا بستہ (نظم) | ابن انشاء | حرف جار | عبارت |
| ۸ | گھر ہے تو سکون ہے | سجیلہ ابرار | الفاظ متضاد | عبارت |
| ۹ | درختوں کی کہانی، درختوں کی زبانی | سجیلہ ابرار | سوالیہ نشان | تصوراتی پھل پر معلوماتی عبارت |
| ۱۰ | کوشش کیے جاؤ (نظم) | اسمٰعیل میرٹھی | مفعول | کہانی |
| ۱۱ | کوئلہ کہاں سے آیا؟ | راحیلہ وقار | فعل ماضی | پوسٹر |
| ۱۲ | نعت (نظم) | سجیلہ ابرار | صفت | مضمون |
| ۱۳ | کتابیں کہاں پر رکھوں؟ | فوزیہ سراج | واحد جمع | کتابچہ |
| ۱۴ | بھائی بھلکڑ (نظم) | شان الحق حقّی | اسم، واحد جمع | عبارت |
| ۱۵ | آؤ مل کر کھیلیں | نمرہ شاغل | مذکر مونث | عبارت |
| ۱۶ | ہم بے خبر تھے | نمرہ شاغل | فعل فاعل مفعول | کہانی |
| ۱۷ | وطن کی شان (نظم) | سجیلہ ابرار | الفاظ متضاد | مضمون |
| ۱۸ | گنتی | صائمہ رحمٰن | --- | --- |

# تعارف

ارمغانِ اردو سلسلہ مارکیٹ میں پہلے سے دستیاب اُردو کتب میں محض ایک اضافہ نہیں۔ یہ کتاب اس فکر اور جذبے کے تحت مرتب کی گئی ہے کہ اردو زبان کی دستیاب کتب میں موجود کمی جس کو اساتذہ ایک عرصے سے محسوس کر رہے ہیں دور کیا جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ کتب کو اپنے معاشرتی اور مذہبی افکار سے ہم آہنگ کرنا بھی مقاصد میں شامل ہے اس کتاب میں اردو کی تمام مہارتوں یعنی پڑھنا ،لکھنا، بولنا اور ادراک و فہم کی امشاق کو شامل کرنے کا خصوصی خیال رکھا گیا ہے۔

کسی بھی زبان کو پڑھانے کے دو بنیادی مقاصد ہو سکتے ہیں:

(i) زبان دانی: ذخیرۂ الفاظ ، جملے ، تلفظ ، املا ، قواعد

(ii) ادبی پہلو: ذخیرۂ الفاظ ، جملے ، خیال آفرینی ، جذبات کی عکاسی ، تجربات

ارمغانِ اردو ان دونوں مقاصد کی تکمیل کا عزم ہے۔

کتاب کی منفرد اور نمایاں خصوصیات:

۱۔ کتاب میں نئے الفاظ اس سوچ کے تحت شامل کیے گئے ہیں کہ اردو زبان کی چاشنی اور شائستگی طلباء کے ذہن میں اس طرح سرایت کر جائے کہ وہ اپنی روزمرّہ بول چال اور تخلیقی مراحل میں ان الفاظ کا با آسانی اور موزوں استعمال کر سکیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے ذخیرۂ الفاظ کی سرگرمیوں کو بالترتیب ان تینوں مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے:

(i) پیشکش (تعارف)

(ii) مشق (مختلف طرح کی سرگرمیوں میں استعمال)

(iii) تخلیق (اپنے جملے یا عبارات تخلیق کرنا)

۲۔ تفہیمی صلاحیتوں میں اضافے کے پیشِ نظر مطالعے کے تینوں مراحل یعنی "قبل از مطالعہ، دورانِ مطالعہ اور بعد از مطالعہ" سے متعلق سرگرمیوں کو باضابطہ امشاق کا حصّہ بنایا گیا ہے۔

۳۔ سوالات Blooms taxonomy کی درجہ بندی کے اصولوں کے تحت تشکیل دیے گئے ہیں۔

۴۔ طلبہ میں نہ صرف زبان کے اجزا کا تجزیاتی مطالعہ بلکہ ان اجزا کا باہم تعلق پہچاننا اور اپنی تحریروں اور بول چال میں ان کے درست استعمال کی صلاحیت پیدا کرنا اس کتاب کے اہم مقاصد میں شامل ہے۔ لہٰذا اس بات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے کہ قواعد جیسی اہم جہت غیر فطری طریقے سے سیکھنے کی بجائے اس کے اصل مقام یعنی کہانی، نظم، ڈرامہ وغیرہ کے ذریعے سمجھ سکیں اور ان میں مہارت حاصل کر سکیں۔ اسی سوچ کے تحت کتاب میں مختلف سرگرمیاں ترتیب دی گئی ہیں۔

۵۔ ہر سبق کے اختتام پر بچوں کے لیے تخلیق کے سمندر میں غوطہ خوری کا موقع فراہم کیا گیا ہے کیونکہ یہی وہ مرحلہ ہے جہاں زبان دانی کی مہارتوں کا احاطہ اور جانچ ممکن ہے۔ اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہماری ان حقیر اور بے مایہ کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور ان مقاصد کے حصول میں آسانی پیدا فرمائے جن کے لیے مختلف لوگوں نے اپنی صلاحیتوں اور وقت کا تحفہ آپ کی نذر کیا ہے۔


سجیلہ ابرار

ڈائریکٹر بک ڈویلپمنٹ ای۔آر۔آئی۔کراچی

# اظہارِ تشکر

تمام تعریف اور تشکر ہے اس ذاتِ اقدس کا جس نے اپنی خصوصی رحمت کے باعث ہمیں اس بھاری بھرکم ذمہ داری کو ادا کرنے کے لیے چُنا۔ بے شک یہ اسی کی خصوصی عطا ہے کہ آج یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

ہم تہہ دل سے ان تمام افراد کے مشکور ہیں جن کے گراں قدر مشورے اور قیمتی آراء شروع ہی سے اس پروجیکٹ میں ہمارے لیے معاون و مددگار رہے۔ ہم خصوصاً شکر گذار ہیں محترمہ صفوریٰ نعیم صاحبہ کے جن کی تحریک پر یہ کام شروع کیا گیا ہے۔

اس پروجیکٹ کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے ہم ممنون و مشکور ہیں محترمہ راحیلہ وقار صاحبہ، محترمہ اِرم خالق صاحبہ، محترمہ فوزیہ سراج صاحبہ اور محترمہ صائمہ رحمٰن صاحبہ کے جن کی کوششیں، وقت اور صلاحتیں اگر ہمارے ساتھ نہ ہوتیں تو اِس کا بار اُٹھانا ہمارے لیے ممکن نہ تھا۔

سب سے بڑھ کر ہم شکر گزار ہیں ان تمام مصنفین کے جن کی کاوشِ قلم کے بغیر اس کتاب کا وجود ناممکنات میں سے تھا۔

# حمد

## قبل ازمطالعہ

**سرگرمی۔ا۔آپ کے خیال میں اللہ تعالیٰ کیسے ہیں؟ اللہ تعالیٰ کے پانچ صفاتی ناموں کی مدد سے بتائیے۔**

| الخالق | الرحمن | الرحیم | المالک | القدوس |
|---|---|---|---|---|
| سب کو بنانے والا | بہت مہربان | بہت رحم کرنے والے | ہر چیز کے مالک | پاک |

## دورانِ مطالعہ

**سرگرمی۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کے درست معنی پر دائرہ بنایے۔**

| الفاظ | معنی | | |
|---|---|---|---|
| بسائی | برباد کی | آباد کی | رہنمائی کی |
| تازگی | رونق/نیاپن | تیرنے کا فن | رنگ |
| رہنما | کھانا کھلانے والا | باتیں بنانے والا | راستہ دکھانے والا |
| آسرا | سہارا | بستر | بھروسہ کرنے والا |

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے۔**

**تازگی ۔ رہنما ۔ آسرا ۔ بسائی**

ا۔ سفر کرنے والوں نے راستے میں خیموں کی بستی بسائی ۔

۲۔ قائدِ اعظمؒ ایک عظیم رہنما تھے۔

۳۔ صبح کے وقت چہل قدمی کرنے سے بہت تازگی ملتی ہے۔

۴۔ ہمیں ہر مشکل میں اللہ ہی کا آسرا ہوتا ہے۔


**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ا | تازگی | پھولوں کی خوشبو سے تازگی کا احساس ہوتا ہے۔ |
| ۲ | آسرا | ہمیں ہر مشکل پر اللہ کا ہی آسرا ہوتا ہے۔ |
| ۳ | بسائی | سارہ نے اپنے کمرے میں کھلونوں کی انوکھی دنیا بسائی ہوئی ہے۔ |
| ۴ | رہنما | اللہ تعالیٰ نے رسول ﷺ کو تمام انسانوں کے لیے رہنما بنا کر بھیجا۔ |

**سرگرمی۔۵۔نظم کی نثر کو مکمل کیجیے۔**

اللہ تعالیٰ نے دنیا <u>بنائی</u> ہے اور اسی نے اسے <u>بسایا</u> ہے۔اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو <u>زندگی</u> دی ہے۔سورج، چاند اور تارے اللہ تعالیٰ نے <u>بنائے</u> ہیں۔سورج سے ہمیں <u>روشنی</u> ملتی ہے۔ہم سب کا <u>رہنما</u> اور <u>آسرا</u> صرف اللہ ہی ہے۔جو ہم سب کا <u>خدا</u> ہے۔

**سرگرمی۔۶۔اللہ تعالیٰ نے کیا کیا دیا ہے؟نظم کی مدد سے جال بنایئے۔**




**بعدازمطالعہ**

**سرگرمی۔۷۔اللہ تعالیٰ نے دنیا میں کیا کیا چیزیں بسائی ہیں؟۸ چیزوں کی فہرست بنایئے۔**

ج:۱۔انسان ۲۔جانور ۳۔پرندے ۴۔حشرات ۵۔درخت ۶۔پودے ۷۔پانی ۸۔خوراک ۹۔پہاڑ ۱۰۔سمندر

**سرگرمی۔۸۔اللہ ہمارا رہنما ہے۔اس نے ہماری رہنمائی کیسے کی ہے؟دو نکات لکھیے۔**

ج:۱۔اللہ نے نبی بھیجے۔ ۲۔قرآن مجید نازل کیا۔

**سرگرمی۔۹۔مندرجہ ذیل جملوں کو نظم سے فعل چُن کر مکمل کیجیے۔**

۱۔ یہ دنیا اللہ نے <u>بنائی</u> ہے۔

۲۔اللہ نے اس دنیا میں بہت سی مخلوق <u>بسائی</u> ہے۔


۳۔اللہ تعالیٰ نے ہم سب کو زندگی <u>دی</u> ہے۔

۴۔سورج کو اللہ تعالیٰ نے روشنی <u>دی</u> ہے۔

۵۔میں ہر دم اللہ کا نام <u>لیتا</u> ہوں۔

## آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی ۔۱۰۔ سورج اللہ کی ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ سورج کے فوائد پر ایک جال بنایے۔**




**سرگرمی ۔۱۱۔ ''اگر سورج نہ ہوتا تو کیا ہوتا'' اس عنوان پر جال کی مدد سے ایک عبارت تحریر کیجیے۔**

نوٹ: یہ کام طلبا و طالبات خود کریں گے۔

# رب کی پہچان

**قبل از مطالعہ**

**سرگرمی ۔۱۔ ہمارا رب کون ہے؟ ہم رب کو کیسے جان سکتے ہیں؟**

ج: ہمارا رب اللہ ہے اور اللہ نے جو نعمتیں ہمیں دی ہیں ان پر غور کرنے سے ہم اللہ تعالیٰ کو جان سکتے ہیں۔

**دوران مطالعہ**

**سرگرمی ۔۲۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملایئے:**

| | الفاظ | | معنی |
|---|---|---|---|
| ۱ | تعارف | الف | چیزوں کی تفصیل |
| ۲ | رب | ب | بغیر مانگے |
| ۳ | فہرست | ج | جان پہچان |
| ۴ | بن مانگے | د | پالنے والا، اللہ |
| ۵ | ہردم | و | ڈھیر |
| ۶ | اردگرد | ہ | رحم دل |
| ۷ | مہربان | ز | ہر وقت |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | انبار | ز | آس پاس |

ا۔ج۔ ب۔د۔ ۳۔الف۔ ۴۔ب۔ ۵۔ذ۔ ۶۔ز۔ ۷۔ہ۔ ۸۔و۔

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے عبارت مکمل کیجیے:**

اردگرد رب مہربان بن مانگے ہردم تعارف

میں آپ کے سامنے اپنا تعارف کرانا چاہتا ہوں۔ میں ایک چھوٹا سا خرگوش ہوں۔ میرا رب اللہ ہے۔ میں بلِ میں رہتا ہوں۔ میں ہردم بھاگتا دوڑتا رہتا ہوں۔ میرے بلِ کے اردگرد بہت سے پودے ہیں۔ انہیں پودوں میں گاجر کا پودا بھی ہے جو مجھے پسند ہے۔ باغ کا مالک بہت مہربان انسان ہے۔ وہ مجھے ہر روز بن مانگے ایک گاجر دیتا ہے۔ اسی لیے میں اُسے خوب دعائیں دیتا ہوں۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | ہردم | امی جان ہردم میری کامیابی کے لیے دعا کرتی رہتی ہیں۔ |
| ۲ | رب | یہ خوب صورت دنیا اور اس کی نعمتیں ہمارے رب نے ہم انسانوں کے لئے بنائی ہیں۔ |
| ۳ | اردگرد | رات میں سب دادا جان سے کہانی سننے کے لیے ان کے اردگرد جمع ہو جاتے ہیں۔ |
| ۴ | مہربان | میرے استاد صاحب اتنے مہربان ہیں کہ وہ غلطی پر ناراض نہیں ہوتے بلکہ پیار سے سمجھاتے ہیں۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل جملوں کے سامنے درست کالم میں ☆ کا نشان لگائیے:**

| نمبر شمار | جملے | درست | غلط | معلوم نہیں |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | یاسر پہلی جماعت میں پڑھتا ہے۔ | | ☆ | |
| ۲ | یاسر کے تین بہن بھائی ہیں۔ | | | ☆ |
| ۳ | یاسر ایک بڑا آدمی بننا چاہتا ہے۔ | | ☆ | |
| ۴ | یاسر کے ابو کی دکان ہے۔ | | | ☆ |
| ۵ | تمام نعمتیں اللہ کی دی ہوئی ہیں۔ | ☆ | | |
| ۶ | نعمتوں کی فہرست مختصر ہے۔ | | ☆ | |
| ۷ | یاسر نے جب سے نعمتیں گننی شروع کیں، وہ شکر ادا کرنے لگا۔ | ☆ | | |
| ۸ | ہم اللہ سے مانگتے ہیں تو ہی ہمیں نعمتیں ملتی ہیں۔ | | ☆ | |

**بعد از مطالعہ**

## سرگرمی ۔٦ ۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:

۱۔ یاسر کیا بننا چاہتا ہے؟

ج: یاسر ایک اچھا انسان بننا چاہتا ہے۔

۲۔امی نے اچھا انسان بننے کے لیے کیا مشورہ دیا؟

ج: امی نے یاسر سے کہا کہ اللہ کی دی ہوئی نعمتوں پر غور کرو اور اپنے رب کو پہچانو۔


۳۔ یاسر نعمتوں کی فہرست مکمل کیوں نہیں کر پاتا؟

ج: اللہ کی نعمتیں اتنی زیادہ ہیں کہ یاسر فہرست مکمل کر ہی نہیں پاتا۔

۴۔نعمتیں گننے سے یاسر میں کیا تبدیلی آئی؟

ج: نعمتوں کو گننے سے یاسر ہر دم اللہ کا شکر ادا کرنے لگا۔

۵۔ اللہ تعالی کی نعمتوں کا جال بنایئے۔




٦ ۔ جال میں سے کسی پانچ نعمتوں کا انتخاب کیجیے اور لکھیے کہ آپ ان کو کس طرح استعمال کرتے ہیں؟

۱۔ میں اپنے والدین کی خدمت کرتا ہوں ان کو خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہوں۔

۲۔ رشتے داروں کی خوشی اور غم میں شریک ہوتا ہوں۔/ وقتاً فوقتاً ان سے ملاقات کرتا ہوں۔

۳۔ پانی بھی بہت بڑی نعمت ہے اس کو ضائع نہیں کرتا۔

۴۔کھانے کی چیزوں کو ضائع نہیں کرتا۔

۵۔ جو بھی اچھی بات سیکھتا ہوں دوسروں کو بھی ضرور بتاتا ہوں۔


## قواعد

**سرگرمی۔۷۔مندرجہ ذیل ہم آواز الفاظ کے جملے تحریر کیجیے:**

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | جملے |
|---|---|---|---|
| ۱ | عام | معمولی | آج کل تو عام سی چیز بھی اتنی مہنگی ہے۔ |
| ۲ | آم | پھل | آم جیسا مزیدار پھل کوئی نہیں۔ |
| ۳ | ساتھ | ہمراہ | احمد اپنے والد کے ساتھ بازار گیا۔ |
| ۴ | سات | گنتی کا عدد | میرے پاس سات نئی کتابیں ہیں۔ |
| ۵ | سِلا | کپڑے سینا | سارہ اداس ہے کیونکہ اس کا عید کا جوڑا ابھی تک نہیں سلا۔ |
| ۶ | صلہ | بدلہ | نیکی کبھی ضائع نہیں ہوتی اس کا صلہ ضرور ملتا ہے۔ |

### آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی۔۸۔اللہ کی نعمتوں کے بارے میں جال بنایئے۔پھر جال کی مدد سے اللہ کی نعمتوں پر ۱۰ اسطور پر مشتمل مضمون تحریر کیجیے۔**




# سُست کلی

**قبل از مطالعہ**

**سرگرمی۔۱۔پودے کو بڑھنے کے لیے کیا کیا چاہیے ہوتا ہے؟**

ج: نرم زمین، پانی، روشنی، ہوا، کیڑوں سے حفاظت اور دیکھ بھال۔

**دوران مطالعہ**

**سرگرمی۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملایئے:**

| | الفاظ | | معنی |
|---|---|---|---|
| ۱ | ہر سو | الف | کروٹیں بدلنا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲ | کسمساتی | ب | ادھر اُدھر گر جانا |
| ۳ | بکھر جانا | ج | چاروں طرف |
| ۴ | ادھورا | د | دکھی |
| ۵ | مہک | و | نامکمل |
| ۶ | غم زدہ | ہ | خوشبو |

۱۔ج۔ ۲۔الف۔ ۳۔ب۔ ۴۔و۔ نامکمل۔ ۵۔ہ۔ ۶۔د

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

ادھورا مہک ہرسُو کسمساتا بکھر

۱۔بلال بستر پر پڑا کسمساتا رہتا ہے۔

۲۔خزاں کے موسم میں درختوں کے پتے ادھر اُدھر بکھر جاتے ہیں۔

۳۔پھولوں کی خوشبو سے پورا باغ مہک رہا تھا۔

۴۔اَنس ہمیشہ اپنا کام ادھورا چھوڑ دیتا ہے۔

۵۔صبح صبح سورج کی روشنی ہرسُو پھیل گئی۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | ادھورا | کل بخار کی وجہ احمد کا اسکول کا کام ادھورا رہ گیا تھا، اس لیے آج وہ دیر تک بیٹھ کر مکمل کر رہا ہے۔ |
| ۲ | مہک | موتیے کی مہک پورے گھر میں پھیلی ہوئی تھی۔ |
| ۳ | ہرسُو | دنیا میں ہرسُو اللہ کی نعمتیں پھیلی ہوئی ہیں۔ |
| ۴ | بکھرنا | احمد نے سارے کمرے میں کھلونے بکھیر دیے تو امی نے اسے ڈانٹا۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**


۱۔پودا کیوں خوش تھا؟

ج: پودا اس لئے اخوش تھا کیونکہ آج اس کی اور کلیاں کِھل کر پھول بن جانے والی تھیں۔

۲۔کلی آنکھ کیوں نہیں کھول رہی تھی؟

ج: کلی آنکھ کھولنے کو اس لئے تیار نہیں تھی کیونکہ اسے نیند آ رہی تھی۔

۳۔کلی کو کھلنے کے لیے کن تین چیزوں کی ضرورت تھی؟ جال بنائیے۔




۴۔پودا کیوں اُداس ہوگیا؟

ج: پودا اس لیے اداس ہوگیا کیونکہ ننھی کلی نے پودے کی بات نہیں مانی اور وہ سوتی رہی۔

۵۔کلی سفید سے کس رنگ میں تبدیل ہوئی؟

ج:۔ننھی کلی مرجھا کر سفید سے بھورے رنگ میں تبدیل ہوگئی۔

**بعدازمطالعہ**

**سرگرمی۔۶۔مندرجہ ذیل جملوں کو کہانی کے مطابق ترتیب دیجیے:**

۲ ننھی کلی کے کھِلنے کا دن تھا۔

۳ مگر کلی کسمساتی رہی۔

۶ پودا اداس ہوکر خاموش ہوگیا۔

۴ پودے نے کلی کو لاکھ سمجھایا۔

۱ صبح کا سہانا وقت تھا۔

۷ پہلے وہ سفید سے بھورے رنگ میں تبدیل ہوئی۔

۵ کلی نہ تو سورج کی روشنی میں نہائی، نہ پانی پیا اور نہ ہی پتوں کا بنایا ہوا کھانا کھایا۔

۹ سب کلیاں پھول بن کر مہک گئیں۔

۸ وہ پتی پتی ہوکر بکھر گئی۔

**سرگرمی۔۷۔اس کہانی میں ہمارے لیے کیا سبق ہے؟**

ج: اس کہانی سے ہم نے یہ سیکھا کہ وقت اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے ہمیں چاہیے کہ اپنے وقت کو ضائع نہ کریں اور خوب محنت کریں تاکہ دنیا میں بھی کامیاب ہوں اور اللہ تعالیٰ بھی ہم سے خوش ہوجائیں۔


سرگرمی۔۸۔سبق میں سے اسم خط کشید کیجیے۔(یہ سرگرمی بچے سبق پڑھ کر کریں گے۔)

سرگرمی۔۹۔مندرجہ ذیل عبارت میں موجود تمام اسم الفاظ کو خط کشیدہ کیجیے۔

احمد لاہور میں رہتا ہے۔علی اور حمزہ اس کے بھائی ہیں۔اس کی ایک بہن ندا بھی ہے۔اس کے گھر میں ایک خوبصورت بلی بھی ہے۔بلی کا نام مانو ہے۔مانو صوفے پر احمد کے ساتھ بیٹھتی ہے۔وہ احمد کے کمرے میں گیند سے کھیلتی ہے۔احمد کو یہ کھیل پسند ہے۔

آیئے تخلیق کار بنیں

نیچے دیے گئے مرغی کی زندگی کے چکر کی مدد سے مرغی کے بارے میں ایک کہانی تحریر کیجیے۔



# صبح کا وقت

قبل از مطالعہ

سرگرمی۔ا۔

**(i)** آپ صبح اٹھ کر سب سے پہلے کیا کام کرتے ہیں؟

ج: دُعا پڑھتے ہیں، منہ ہاتھ دھوتے ہیں، وضو کرتے ہیں اور نماز پڑھتے ہیں۔

**(ii)** صبح اور دوپہر میں کیا فرق ہوتا ہے؟

ج: صبح کا وقت خوشگوار ہوتا ہے جب کہ دوپہر میں گرمی اور کسی قدر تھکاوٹ ہوتی ہے۔

دورانِ مطالعہ

سرگرمی۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کے درست معنی پر دائرہ لگایئے:

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | کھونا | چلنا | ضائع کرنا | چکر |
| ۲ | سہانا | خوشگوار | سننا | بُرا |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۳ | شاخِ شجر | پرندے کا گھونسلہ | درخت میں سوراخ | درخت کی ٹہنی |
| ۴ | چہکیں | چڑیوں کی آواز | شوروغل | ہنگامہ آرائی |
| ۵ | کلیاں | پھول | وہ پھول جو ابھی کِھلا نہ ہو | وہ پھول جو مُرجھا گیا ہو |
| ۶ | مہکیں | خوشبو بکھیری | پھول کِھلنا | درختوں پر |
| ۷ | خوش رنگ | رنگ سے کھیلنا | خوش ہونا | اچھے رنگوں والے |
| ۸ | رسیلے | جس میں رس بھرا ہو | خوبصورت | لمبی رسی |
| ۹ | بادِ صبا | صبا کی بہن | صبح کی ہوا | آسمان پر تارے |
| ۱۰ | اوس | سیپ کے موتی | درختوں کے پتے | صبح کے وقت پودوں پر پڑے شبنم کے قطرے |
| ۱۱ | لطف | بستر | مزہ | چادر |

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

اوس خوش رنگ کھونا لطف شاخِ شجر

۱۔فضول باتوں میں وقت کا کھونا بہت بڑا نقصان ہے۔

۲۔باغ میں شاخِ شجر پر پھول مہک رہے تھے۔

۳۔میرے گھر کی کیاری میں خوش رنگ پھول کِھلتے ہیں۔

۴۔صبح ہماری گاڑی پر اوس کے قطرے تھے۔

۵۔مجھے سردیوں میں کینو کھانے میں بہت لطف آتا ہے۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | بادِ صبا | صبح کے وقت بادِ صبح تازگی دیتی ہے۔ |
| ۲ | رسیلے | گرمیوں میں رسیلے پھل کھانے سے پانی کی کمی دور ہو جاتی ہے۔ |
| ۳ | خوش رنگ | باغ میں خوش رنگ پھول کھلے ہیں۔ |
| ۴ | لطف | مجھے دادی جان سے نبیوں کے واقعات سننے میں بہت لطف آتا ہے۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:**

۱۔صبح کا وقت کیسا ہوتا ہے؟ ج: صبح کا وقت خوشگوار ہوتا ہے۔

۲۔صبح کے وقت چڑیاں کیا کرتی ہیں؟ ج: صبح کے وقت چڑیاں چہچہاتی ہیں۔

۳۔کلیاں کیا کرتی ہیں؟ ج: کلیاں مہکتی ہیں۔

۴۔سارے پھول کیا کرتے ہیں؟ ج: پھول کھلتے ہیں۔

۵۔بادِصبا کیا کرتی ہے؟ ج: بادِصبا پرجوش ہوتی ہے۔

۶۔ہوا کیسی ہوتی ہے؟ ج: ہوا سرد ہوتی ہے۔

۷۔پتوں پر کیا ہوتا ہے؟ ج: پتوں پر اوس ہوتی ہے۔

**سرگرمی۔۶۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

۱۔زیادہ سونے سے کیا ہوتا ہے؟ ج: زیادہ سونے سے وقت ضائع ہوتا ہے اور پورا دن سستی رہتی ہے۔

۲۔شاعر نے نظم میں کون کون سے پھولوں کا ذکر کیا ہے؟ ج: بیلا، چنبیلی، مولسری اور البیلی

۳۔نظم میں موجود رنگوں کے نام تحریر کیجیے۔ ج: سرخ، سفید، نیلا اور پیلا

۴۔شاعر نے اوس کے قطروں کو کیا کہا ہے؟ ج: شاعر نے اس نظم میں اوس کے قطروں کو صاف ستھرے موتی کہا ہے۔

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی۔۷۔شاعر نے ''صبح کے وقت'' میں کن کن چیزوں کا ذکر کیا ہے؟ فہرست بنائیے۔**

ج: سورج، تارے، کلیاں، پھول، شاخِ شجر، چمن، ہوا، پتے، اوس

**سرگرمی۔۸۔شاعر اس نظم کے ذریعے ہمیں کیا پیغام دے رہے ہیں؟**

ج: اس نظم میں شاعر یہ پیغام دے رہے ہیں کہ ہمیں صبح سویرے اٹھنا چاہیئے کیونکہ اس وقت میں برکت و ترو تازگی ہوتی ہے اور ہم نہ صرف اللہ کی بنائی ہوئی نعمتوں پر غور کر کے اس کا شکر ادا کر سکتے ہیں بلکہ تازہ ہوا حاصل کر کے صحت مند بھی رہ سکتے ہیں۔

سرگرمی۔۹۔آپ صبح اٹھ کر کیا کرتے ہیں؟ اپنی سرگرمیوں کی فہرست بنائیے۔

ج: میں صبح اٹھ کر دُعا پڑھتا ہوں، دانت صاف کرتا ہوں، وضو کرتا ہوں، نماز پڑھتا ہوں، ناشتہ کرتا ہوں اور پھر اسکول چلا جاتا ہوں۔

سرگرمی۔۱۰۔صبح کے وقت کی نظم کی مدد سے منظر کشی کیجیے۔


نوٹ: طلباء یہ کام تصویر کشی کے ذریعے کریں گے۔

**قواعد**

**سرگرمی۔۱۱۔نظم میں موجود حروف جار کو خط کشید کیجیے۔(بچے یہ کام استاد کی مدد سے کریں گے۔)**

## آیئے تخلیق کار بنیں

سرگرمی ۔۱۲۔صبح کے سہانے وقت پر نظم کی مدد سے جال بنایئے۔




سرگرمی ۔۱۳۔جال کی مدد سے صبح کے وقت پر ۸ جملوں پر مشتمل مضمون تحریر کیجیے۔

# بھیگا ہوا اناج

### قبل از مطالعہ

سرگرمی ۔۱۔دیانت داری کا کیا مطلب ہوتا ہے؟ ج: ایمانداری

### دوران مطالعہ

سرگرمی ۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملایئے:

| | الفاظ | | معنی |
|---|---|---|---|
| ۱ | تجارت | الف | کاروبار کرنے والا |
| ۲ | قافلہ | ب | گیلا ہو جانا |
| ۳ | بھیگ جانا | ج | کاروبار |
| ۴ | تاجر | د | بھاری |
| ۵ | منڈی | و | مسافروں یا تاجروں کا کارواں |
| ۶ | وزنی | ہ | بازار |
| ۷ | اناج | ذ | ایمان داری |
| ۸ | دام | ذ | فروخت، بک جانا |
| ۹ | بدیانتی | ح | غلّہ، کھانے پینے کی اشیاء |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰ | دیانت داری | ط | عجیب،نرالی |
| ۱۱ | انوکھی | ن | قیمت |
| ۱۲ | بکری | س | بے ایمانی |

۱۔ج۔ ۲۔و۔ ۳۔ب۔ ۴۔الف۔ ۵ ۔ہ۔ ۶ ۔د۔ ۷۔ح۔ ۸۔ن۔ ۹۔س۔ ج ۱۰۔ذ۔

۱۱۔ط۔ ۱۲۔ر۔

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

دام　　انوکھی　　تاجر　　منڈی　　دیانت داری

۱۔ایک مسلمان ہمیشہ دیانت داری سے کاروبار کرتا ہے۔

۲۔میرے ابو ہر ہفتے منڈی سے سبزی لاتے ہیں۔

۳۔کل نانی جان نے ایک انوکھی لڑکی کی کہانی سنائی۔

۴۔آج کل بازار میں ہر چیز کے دام بڑھ گئے ہیں۔

۵۔میرے ماموں کپڑے کے تاجر ہیں۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے معیاری جملے بنائیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | دام | پچھلے دنوں ٹماٹر کے دام بہت بڑھ گئے تھے،مگر ٹماٹر سستے ہو گئے ہیں۔ |
| ۲ | تاجر | اللہ تعالیٰ کو دیانت دار تاجر پسند ہیں۔ |
| ۳ | قافلہ | پرانے زمانے میں لوگ قافلوں کی صورت میں سفر کیا کرتے تھے۔ |
| ۴ | منڈی | اس بار احمد نے ابو سے وعدہ لیا ہے کہ وہ اسے بھی بکرا منڈی لے کر جائیں گے۔ |
| ۵ | انوکھی | سارہ کے پاس انوکھی پنسل ہے جس میں بہت سارے رنگ ایک ساتھ ہیں۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:**

۱۔قافلہ کیا لے کر جا رہا تھا؟

ج: قافلہ تجارت کا سامان لے کر ایک شہر سے دوسرے شہر جا رہا تھا۔

۲۔سامان کیسے بھیگ گیا؟

ج: سامان بارش کی وجہ سے بھیگ گیا۔

۳۔تاجروں نے اپنا سامان کہاں اتارا؟

ج: تاجروں نے اپنا مال منڈی میں اتارا۔

۴۔نوجوان تاجر نے بیچنے سے پہلے کیا کیا؟

ج: نوجوان تاجر نے بیچنے سے پہلے اپنا سامان کو گیلے اور سوکھے حصّوں میں الگ الگ کیا۔

۵۔نوجوان تاجر نے الگ قیمت بتانے کی کیا وجہ بتائی؟ ج: نوجوان تاجر نے بتایا کہ اناج بھیگنے کی وجہ سے وزنی ہوگیا ہے، جب وہ خشک ہوگا تو وزن کم ہو جائے گا اس لیے اس اناج کی قیمت کم ہے۔

۶۔نوجوان تاجر کون تھے؟

ج: نوجوان تاجر رسول ﷺ تھے۔

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی۔۶۔مندرجہ ذیل نکات کو کہانی کے مطابق ترتیب دیجیے:**

۲ راستے میں بارش ہوگئی۔

۵ خرید وفروخت شروع ہوگئی۔

۶ قافلے میں ایک نوجوان تاجر بھی تھے۔

۳ مال کافی بھیگ چکا تھا۔

۷ نوجوان نے بیچنے سے پہلے خشک اور بھیگا ہوا مال الگ کیا۔

۹ لوگ ان کے اخلاق اور دیانت داری کے گرویدہ ہوگئے۔

۱۰ یہ نوجوان ہمارے نبی ﷺ تھے۔

۸ نوجوان خریداروں کو خشک اور بھیگے ہوئے مال کے الگ الگ دام بتاتے۔

۱ ایک قافلہ تجارت کے لئے دوسرے شہر جا رہا تھا۔

۴ تاجروں نے مال منڈی میں اتارا۔

**سرگرمی۔۷۔اس واقعہ سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟**

ج: اس واقعہ سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیشہ ایمانداری کے ساتھ کام کرنا چاہئے کیونکہ اللہ تعالیٰ بھی ایماندار لوگوں کا ساتھ دیتے ہیں۔

## قواعد

**سرگرمی۔۸۔مندرجہ ذیل جملوں میں ’ختمہ‘ اور ’سکتہ‘ کی علامات لگا کر جملے دوبارہ تحریر کیجیے:**

۱۔میرا گھر کراچی میں ہے ☆ میرا گھر کراچی میں ہے۔

۲۔میرے گھر میں بلی چوزا اور بکری ہے ☆ میرے گھر میں بلی، چوزا اور بکری ہے۔

۳۔آج دعوت میں خالہ ماموں پھوپھو چچا دادی جان نانی جان دادا جان اور نانا جان آ رہے ہیں

☆ آج دعوت میں خالہ، ماموں، پھوپھو، چچا، دادی جان، نانی جان، دادا جان اور نانا جان آ رہے ہیں۔

۴۔ مائز مصطفیٰ شاہ زین اور ریان سب میرے دوست ہیں

☆ مائز، مصطفیٰ، شاہ زین اور ریان سب میرے دوست ہیں۔

۵۔ میں کل لاہور جا رہا ہوں وہاں سے اسلام آباد مری نتھیا گلی اور سری پائے جاؤں گا

☆ میں کل لاہور جا رہا ہوں۔ وہاں سے اسلام آباد، مری، نتھیا گلی اور سری پائے جاؤں گا۔

## آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی۔۹۔گروہوں کی صورت میں فرض کیجیے کہ آپ کپڑے کے تاجر ہیں۔آپ کے کپڑے کے کچھ تھانوں میں داغ ہیں۔آپ کے پاس دو طریقے ہیں:**

ا۔آپ گاہک کو بتا دیں۔

۲۔ چپ چاپ بیچ دیں۔

**آپ کیا کریں گے؟ مختصر کہانی کی صورت میں تحریر کیجیے۔**

نوٹ: یہ کہانی طلباء و طالبات خود تحریر کریں گے۔

## ٹھہرو! ہاتھ دھولو

**قبل از مطالعہ**

**سرگرمی۔ا۔کھانے کے آداب کا چارٹ بنایئے:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا) ہاتھ دھونا | ۲) دعا پڑھنا | ۳) دستر خوان پر بیٹھنا | ۴) بہت زیادہ پلیٹ کو نہ بھرنا |
| ۵) دائیں ہاتھ سے کھانا | ۶) اپنے سامنے سے کھانا | ۷) اچھی طرح چبا کر کھانا | ۸) کھانے کے بعد کی دعا پڑھنا |

**دوران مطالعہ**

**سرگرمی۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملایئے:**

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | نکڑ | الف۔کتاب کا کور | ۶ | خفا | ہ۔بھرے ہونا |
| ۲ | شفقت | ب۔نصیحت | ۷ | بوسہ | ذ۔حیرت |
| ۳ | بادل نخواستہ | ج۔کونا | ۸ | اٹے ہوئے | ز۔عقل مند |
| ۴ | سرورق | د۔محبت | ۹ | تعجب | ح۔چومنا |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | تلقین | و۔دل نہ چاہتے ہوئے | ۱۰ | سمجھدار | ط۔ناراض |

ا۔ج۔ ۲۔د۔ ۳۔و۔ ۴۔الف۔ ۵ ۔ب۔ ٦۔ط۔ ۷۔ح۔ ۸۔ہ۔ ۹ ۔ذ۔ ۱۰۔ز۔

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

سرورق نکڑ تلقین بادلنخواستہ اٹے

ا۔ہماری گلی کی **نکڑ** پر کھلونوں کی دکان ہے۔

۲۔اس کے ہاتھ آٹے سے **اٹے** ہوئے تھے۔

۳۔خالہ کے اصرار پر مجھے **بادلنخواستہ** چائے پینی پڑی۔

۴۔میری اردو کی کتاب کا **سرورق** بہت خوبصورت ہے۔

۵۔استاد نے بچوں کو نماز کی پابندی کی **تلقین** کی۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ا | خفا | گھر میں صفائی کا خیال نہ رکھنے پر امی ہم سے خفا ہو گئیں۔ |
| ۲ | شفقت | دادا جان ہمیشہ بچوں سے شفقت و محبت سے بات کرتے ہیں۔ |
| ۳ | بادلنخواستہ | وقت کم ہونے کی وجہ سے ہمیں بادلنخواستہ چڑیا گھر سے جلدی واپس آنا پڑا۔ |
| ۴ | تلقین | دادا جان نے سب بچوں کو ہمیشہ سچ بولنے اور جھوٹ سے بچنے کی تلقین کی۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل جملوں کے آگے درست کالم میں ☆ کا نشان لگائیے:**

| نمبر شمار | جملے | درست | غلط | سبق میں موجود نہیں |
|---|---|---|---|---|
| ا | ارحم کراچی میں رہتا ہے۔ | | | ☆ |
| ۲ | ارحم کو اسکول سے آکر بھوک لگ رہی تھی۔ | ☆ | | |
| ۳ | ارحم کے ابا دفتر گئے ہوئے تھے۔ | | | ☆ |
| ۴ | دادی جان نے خفا ہو کر ارحم کو دیکھا۔ | | ☆ | |
| ۵ | ارحم کرکٹ کھیل کر آیا تھا۔ | ☆ | | |
| ٦ | ارحم کے ہاتھ گندے تھے۔ | ☆ | | |
| ۷ | ارحم نے شربت پیا۔ | | | ☆ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۸ | باجی کے پاس جراثیم کے متعلق کتاب تھی۔ | ☆ | | |
| ۹ | ارحم جراثیم سے ڈرتا تھا۔ | | | ☆ |
| ۱۰ | ارحم کو سب کی بات سمجھ آ گئی۔ | | ☆ | |

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی۔٦۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

۱۔ارحم میں کیا خرابی تھی؟ ج:ارحم صفائی کا خیال نہیں رکھتا تھا۔

۲۔سبق کو غور سے پڑھیں اور بتائیں کہ ارحم نے کیا کیا اچھے کام کیے؟ ج:۱۔امّی کو سلام کیا ۲۔ہاتھ دھوئے ۳۔بیٹھ کر پانی پیا۔

۳۔جراثیم کیا ہوتے ہیں؟ ج: جراثیم بہت باریک جاندار ہوتے ہیں جن کو ہماری آنکھ دیکھ نہیں سکتی۔

۴۔جراثیم جسم میں داخل ہو کر کیا کرتے ہیں؟ ج: جراثیم انسانوں کے جسم میں داخل ہو کر اُنہیں مختلف بیماریوں میں مبتلا کر دیتے ہیں۔

۵۔ہمارے نبی ﷺ نے کس بات کی تلقین کی ہے؟ ج: ہمارے نبی ﷺ نے کھانے سے پہلے ہاتھ دھونے کی تلقین کی ہے۔

٦۔امی اور دادی ایک دوسرے کو دیکھ کر کیوں مسکرائیں؟

ج: امی اور دادی ایک دوسرے کو دیکھ کر اس لیے مسکرائیں کہ جو بات وہ دونوں اتنے عرصے میں سمجھا نہ پائی تھیں، وہ بات ارحم کو کتاب پر بنی ایک تصویر نے سمجھا دی تھی۔

**سرگرمی۔۷۔سبق سے لئے گئے مندرجہ ذیل جملوں کے فاعل سبق سے تلاش کر کے لکھیں:**

| نمبر شمار | جملے | فاعل |
|---|---|---|
| ۱ | گھر کی طرف دوڑ لگائی۔ | ارحم |
| ۲ | مسکرا کر سلام کا جواب دیا۔ | امی |
| ۳ | دستر خوان کی طرف بڑھا۔ | ارحم |
| ۴ | سر پر ہاتھ پھیرا۔ | دادی جان |
| ۵ | بادل نخواستہ منہ ہاتھ دھونے چل دیا۔ | ارحم |
| ٦ | پیچھے سے آواز لگائی۔ | باجی |
| ۷ | لاپرواہی سے جواب دیا۔ | ارحم |
| ۸ | ہاتھ دھونے کی تلقین کی۔ | نبی ﷺ |
| ۹ | ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر مسکرا دیں۔ | دادی جان، امی |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ | وہ بات ارحم کو سمجھا دی۔ | کتاب/تصویر |

## آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی۔۸۔اپنی سائنس کی ٹیچر سے معلوم کیجیے کہ دانت صاف نہ کرنے کے کیا نقصانات ہیں۔نقصانات کا جال بنائیے۔**

**دانت صاف نہ کرنے کے نقصانات**

- دانت گندے اور خراب ہو جاتے ہیں۔
- بیمار ہو جاتے ہیں
- منہ سے بد بو آتی ہے۔
- دانت جلدی ٹوٹ جاتے ہیں۔

**سرگرمی۔۹۔گروہوں کی صورت میں دانت صاف کرنے کے فوائد پر ایک کتابچہ بنائیے۔**

نوٹ: بچے گروہوں کی صورت میں اساتذہ کی مدد سے کتابچہ بنائیں گے۔

# بلّو کا بستہ

**قبل از مطالعہ**

**سرگرمی۔۱۔آپ کے اسکول کے بستے میں کیا سامان ہوتا ہے؟ فہرست بنائیے۔**

**ج:۱۔کتابیں، کاپیاں، اسٹیشنری، لنچ بکس۔**

**دورانِ مطالعہ**

**سرگرمی۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملائیے:**

| نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | ٹھونسنا | الف۔بہت سے کاغذ |
| ۲ | دستہ | ب۔ایک طرح کی قمیض |
| ۳ | پٹاری | ج۔ زور لگا کر بھرنا |
| ۴ | شیشی | د۔ٹوکری |
| ۵ | کچالو | و۔بوتل |
| ۶ | گِلی | ہ۔ترکاری |
| ۷ | جمپر | ذ۔ایک چھوٹا لکڑی کا ٹکڑا جس سے کرکٹ کی طرح کھیلا جاتا ہے |

: ۱۔ج۔ ۲۔الف۔ ۳۔د۔ ۴۔ہ۔ ۵ ۔ذ۔ ۶۔ح۔ ۷۔ب۔

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

شیشی  جمپر  ٹھونسا  دستہ  گلی

۱۔رامین نے اپنی کتابوں کو جلدی جلدی بستے میں ٹھونسا کیونکہ اسے اسکول سے دیر ہو رہی تھی۔

۲۔میرے استاد نے تمام طالب علموں سے کاغذ کے دستہ لانے کو کہا۔

۳۔میرے پاس عطر کی شیشی ہے۔

۴۔میرے دادا بچپن میں گِلی ڈنڈا کھیلا کرتے تھے۔

۵۔امی نے میرے چھوٹے بھائی کے لیے جمپر خریدا۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | شیشی | سارہ نے دادی کی ٹوٹی ہوئی تسبیح کے دانے ایک شیشی میں جمع کیے۔ |
| ۲ | ٹھونسنا | احمد نے اپنے کپڑے الماری کے خانوں میں ٹھونسے ہوئے تھے۔ |
| ۳ | دستہ | بابا جان نے اپنی فائل کے تمام کاغذی دستوں کو درست کیا۔ |
| ۴ | کچالو | آج امی جان نے چنے کی چاٹ کے ساتھ آلو کچالو بھی بنائے ہیں۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

۱۔بلو کے بستے میں کیا کیا چیزیں تھیں؟ فہرست بنائیے۔ج:۱۔کاغذ کا دستہ ۲۔لکڑی کا گھوڑا ۳۔روئی کا بھالو ۴۔چورن کی شیشی
۵۔آلو، کچالو ۶۔لٹو ۷۔رسی ۸۔ڈنڈا ۹۔گِلی ۱۰۔گڑیا کے جوتے ۱۱۔جمپر ۱۲۔جرابیں

۲۔بلو کیا کیا نہیں جانتی؟ ج: بلو اردو اور انگلش نہیں جانتی تھی۔

۳۔بلو کا اصل نام کیا تھا؟ ج: بلو کا اصل نام بلقیس بانو تھا۔

۴۔بلو کی عمر کیا تھی؟ ج: بلو کی عمر چھ سال تھی۔

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی۔۶۔آپ کے خیال میں بلو کو اسکول جانے کا شوق ہے یا نہیں؟** ج: نہیں، وہ اسکول نہیں جانا چاہتی تھی۔

**سرگرمی۔۷۔بلو کے بستے کی تصویر بنائیں۔** ج: (طلبا اپنی مصوّرانہ مہارت کے مطابق تصویر بنائیں گے۔)

**سرگرمی۔۸۔بلو کو بستے میں کیا کیا رکھنا چاہیے؟** ج: کتابیں، کاپیاں اور پنسل بکس۔

**سرگرمی۔۹۔بلو کا بستہ ہر بار پہلے سے زیادہ بھاری کیوں لگتا تھا؟** ج: اس لیے کہ وہ ہر وقت اس میں اپنے لیے الگ الگ کھلونے بھرتی رہتی تھی۔

## قواعد

**سرگرمی۔۱۰۔مندرجہ ذیل جملوں کو مناسب حرف جار کی مدد سے مکمل کیجیے:**

۱۔میں نے دل لگا کر محنت کی۔

۲۔امی نے بھائی کو جھوٹ بولنے پر ڈانٹا۔

۳۔علی نے کھلونے الماری میں رکھ دیے۔

۴۔یمنیٰ نے میز پر برتن رکھے۔

۵۔مجھے ابو سے بات کرنی ہے۔

۶۔گیند میرے سر پر لگی۔

۷۔ڈاکٹر نے حمزہ کو دوا دی۔

۸۔میں اپنے دوست سے خفا ہوں۔

## آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی۔۱۱۔مندرجہ ذیل جدول مکمل کیجیے:**

| نمبر شمار | چیزیں | اسکول میں آپ کے پاس نہ ہوں تو کیا ہوگا؟ |
|---|---|---|
| ۱ | پنسل | ہمیں لکھنے کا کام کرنے میں مشکل ہوگی۔ |
| ۲ | ربر | غلطیاں درست نہیں کرسکیں گے / غلطی ہو جانے کی صورت میں مٹا کر اسکی اصلاح نہیں کرسکیں گے۔ |
| ۳ | شارپنر | پینسل کی نوک خراب ہوگی تو لکھائی خراب ہو جائے گی۔ |
| ۴ | کتاب | کام مکمل اور توجہ سے نہیں کرسکیں گے۔ |
| ۵ | کاپی | کام مکمل نہیں کرسکیں گے اور جماعت سے پیچھے رہ جائیں گے۔ |
| ۶ | رنگ والی پنسلیں | تصویروں میں رنگ بھر کر انہیں مزید خوبصورت نہیں بنا سکیں گے۔ |

**سرگرمی۔۱۱۔مندرجہ بالا جدول کی مدد سے ان چیزوں کی اسکول میں اہمیت پر عبارت تحریر کیجیے۔عبارت کا آغاز یوں کیجیے:**

بچے یہ کام اُستاد/اُستانی کی مدد سے خود کریں گے۔۔

☆اسکول جانے سے پہلے تمام ضروری اشیاء بستے میں رکھ لینی چاہیے۔۔۔۔۔

# گھر ہے تو سکون ہے

**قبل از مطالعہ**

**سرگرمی۔۱۔آپ کیسے گھر میں رہتے ہیں؟**

ج: بچے اپنے گھر کے مطابق جواب دیں گے۔

**دوران مطالعہ**

**سرگرمی۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملائیے:**

| نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | محفوظ | الف۔وہ علاقہ جہاں برف پڑتی ہے |
| ۲ | مقامات | ب۔ہمیشہ کے لیے |
| ۳ | مستقل | ج۔جہاں کوئی خطرہ نہ ہو |
| ۴ | برفانی علاقہ | د۔علاقے، جگہیں |
| ۵ | بے گھر | و۔رہنے کی جگہ |
| ۶ | ٹھکانہ | ہ۔جن کے گھر نہ ہوں |

۱۔ج۔ ۲۔د۔ ۳۔ب۔ ۴۔الف ۵۔و۔ ۶۔و۔

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

بے گھر    محفوظ    مستقل    برفانی علاقے

۱۔خانہ بدوشوں کا کوئی __مستقل__ ٹھکانہ نہیں ہوتا۔

۲۔میری خالہ کے گھر بہت سردی ہوتی ہے کیونکہ وہ مری جیسے __برفانی علاقے__ میں رہتی ہیں۔

۳۔زلزلے کے بعد بہت سے لوگ __بے گھر__ ہو گئے۔

۴۔بلی کا بچہ ہمارے گھر میں آ کر بالکل __محفوظ__ ہے۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | بے فکری | سارہ نے ٹیسٹ کی تیاری کر لی تھی اس لیے اب وہ بے فکری سے کھیل رہی ہے۔ |
| ۲ | محفوظ | بارش کی وجہ سے امی نے چوزوں کا پنجرہ کمرے میں رکھ لیا تا کہ وہ بارش سے محفوظ رہیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | علامت | جسم اور سر میں درد ہونا بخار کی علامت ہے۔ |
| ۴ | برفانی علاقہ | برفانی علاقوں میں شدید برف باری کی وجہ سے راستے بند ہو جاتے ہیں۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں:**

۱۔گھر ہمیں کن کن چیزوں سے بچاتا ہے؟ ج: گھر ہمیں بارش، سورج کی تیز گرمی، شدید سردی، آندھی وغیرہ سے محفوظ رکھتا ہے۔

۲۔ہمیں کہاں سکون ملتا ہے؟ ج: ہمیں اپنے گھر میں ہی سکون ملتا ہے۔

۳۔خانہ بدوش کسے کہتے ہیں؟ ج: ایسے لوگ جن کا کوئی گھر نہیں ہوتا اور وہ خیمے کو اپنا گھر بنا لیتے ہیں، انھیں خانہ بدوش کہتے ہیں۔

۴۔بے گھر لوگ رات کہاں گزارتے ہیں؟ ج: بے گھر لوگ رات کو کبھی فٹ پاتھ پر اور کبھی کسی پارک میں سو کر گزارتے ہیں۔

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی۔۶۔دنیا میں لوگ طرح طرح کے گھروں میں رہتے ہیں۔ برف کے گھر، مٹی اور بھوسے کے گھر اور فلیٹ کی تصویر کشی کیجیے۔**

**سرگرمی۔۷۔مندرجہ ذیل جانوروں کے گھروں کو کیا کہتے ہیں:**

| نمبر شمار | جانور | گھر |
|---|---|---|
| ۱ | شیر | کچھار |
| ۲ | چوہا | بِل |
| ۳ | گلہری | کھوہ |
| ۴ | سانپ | بِل |
| ۵ | شہد کی مکھی | چھتّا |
| ۶ | لومڑی | بھٹ |
| ۷ | مکڑی | جالا |

**سرگرمی۔۸۔اللہ نے ہمیں گھر جیسی نعمت دی ہے ہم اس کا شکر کیسے ادا کر سکتے ہیں؟**

ج: ہم اپنی زبان سے اور گھر کا خیال رکھ کر اللہ کا شکر ادا کر سکتے ہیں۔

**سرگرمی۔۹۔آپ کے گھر میں کتنے کمرے ہیں اور وہ کس کام کے لیے استعمال ہوتے ہیں؟**

ج: بچے اس سوال کے مختلف جواب دیں گے۔

## قواعد

سرگرمی ۔۱۰۔مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد سبق سے تلاش کر کے تحریر کیجیے:

| نمبر شمار | الفاظ | سبق میں موجود متضاد |
|---|---|---|
| ۱ | غیر محفوظ | محفوظ |
| ۲ | بے سکون | سکون |
| ۳ | زحمت | نعمت |
| ۴ | ہلکی | تیز |
| ۵ | امیر | غریب |
| ۶ | چھوٹا | بڑا |

سرگرمی ۔۱۱۔مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد یاد کیجیے: (یہ سرگرمی طلباء کتاب کی مدد سے کریں گے)

سرگرمی ۔۱۲۔مندرجہ ذیل جملوں میں خط کشید الفاظ کے متضاد لگا کر جملے تحریر کیجیے:

۱۔قاسم ایک اچھا جبکہ ناصر ایک ___بُرا___ انسان ہے۔

۲۔کل بریانی بہت مزیدار تھی مگر آج ذرا ___بدمزہ___ ہوگئی ہے۔

۳۔بلی کے تین بچے تو بہت خوبصورت ہیں مگر ایک بچہ ___بدصورت___ ہے۔

۴۔نوید خود دیندار ہے لیکن اس کا دوست ___بے دین___ ہے۔

۵۔احمد بالکل تندرست تھا لیکن اچانک ___بیمار___ ہوگیا۔

## آیئے تخلیق کار بنیں

سرگرمی ۔۱۳۔اپنے گھر کے بارے میں ایک عبارت تحریر کیجیے۔یہ بھی بتائیں کہ آپ کے گھر کے کمرے آپ کے لیے کن وجوہات کی بناء پر اہم ہیں؟

یہ سرگرمی طلبا و طالبات خود کریں گے۔

# درختوں کی کہانی، درختوں کی زبانی

### قبل از مطالعہ

سرگرمی ۔۱۔آپ کو کون سا پھل پسند ہے؟اس پھل کا بیج کیسا ہوتا ہے؟تصویر بنائیے

ج: مجھے کینو پسند ہے۔

دوران مطالعہ

**سرگرمی ۔۲۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملائیے:**

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | پھلدار | الف ۔ فصل پیدا کرنے کی صلاحیت | ۶ | کونپل | ہ ۔ بڑا بازار |
| ۲ | داستان | ب ۔ طاقت ور | ۷ | پھوٹنا | ذ ۔ پرندوں کا کھالینا |
| ۳ | ابتدا | ج ۔ پھل والا | ۸ | کڑا | ز ۔ ننھا پودا |
| ۴ | زرخیزی | د ۔ کہانی | ۹ | چُگ | ح ۔ نکلنا |
| ۵ | تن آور | و ۔ شروعات، آغاز | ۱۰ | منڈی | ط ۔ سخت |

۱۔ج۔ ۲۔د۔ ۳۔و۔ ۴۔الف۔۵۔ب۔ ۶۔ز۔ ۷۔ح۔ ۸۔ط۔ ۹۔ذ۔ ۱۰۔ہ۔

**سرگرمی ۔۳۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے عبارت مکمل کیجیے:**

چُگ پھلدار داستاں کونپل تن آور

میں ایک سورج مُکھی کا پودا ہوں۔ گو کہ میں __پھلدار__ پودا نہیں ہوں لیکن میرے پھول باغ کو سجا دیتے ہیں۔ پہلے میرے بیج سے __کونپل__ پھوٹتی ہے۔ کبھی کبھی میری کونپل کو پرندے __چُگ__ جاتے ہیں اور کہانی وہیں ختم ہو جاتی ہے۔ لیکن اکثر میری __داستاں__ یہاں ختم نہیں ہوتی بلکہ میں ایک مضبوط اور __تن آور__ پودا بن جاتا ہوں اور باغ کو مہکا دیتا ہوں۔

**سرگرمی ۔۴۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | پھُوٹنا | مالی نے جب بیج سے نئی کونپلیں پھوٹتی دیکھیں تو خوش ہو گیا۔ |
| ۲ | کڑا | احمد کے لیے کل کا دن بہت کڑا تھا کیونکہ کل اس کا رزلٹ آنا تھا۔ |
| ۳ | تن آور | سارہ نے اپنے گھر کے باغیچہ میں سب سے تنا آور درخت سے اپنا جھولا باندھ لیا۔ کھجور کا درخت بہت اونچا اور تن آور ہوتا ہے۔ |
| ۴ | داستان | دادی جان نے رات کو ہمیں حضرت موسیٰؑ اور فرعون کی داستان سنائی۔ |

**سرگرمی ۔۵۔مندرجہ ذیل جملوں کے سامنے درست کالم میں ☆ کا نشان لگائیے:**

| نمبرشمار | جملے | ہاں | نہیں | معلوم نہیں |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | بکری بلونگڑے سے بڑے ہو کر بنتی ہے۔ | | ☆ | |
| ۲ | یہ کہانی پھلدار درخت کی ہے۔ | ☆ | | |
| ۳ | اننّاس بیج ہے۔ | | ☆ | |
| ۴ | تمام درختوں کی زندگی بیج سے شروع ہوتی ہے۔ | ☆ | | |
| ۵ | شاہ بلوط درخت کے بیج کو شاہ کہتے ہیں۔ | | ☆ | |
| ۶ | سب سے پہلے کلی کھلتی ہے۔ | | ☆ | |
| ۷ | جڑیں زمین کے اندر ہوتی ہیں۔ | ☆ | | |
| ۸ | مرغیاں کونپل کھالیتی ہیں۔ | | | ☆ |
| ۹ | پھل آنے میں سالوں لگ جاتے ہیں۔ | ☆ | | |
| ۱۰ | تمام پھل باغ سے گھروں ہی میں جاتے ہیں۔ | | ☆ | |

**بعدازمطالعہ**

**سرگرمی ۔۶۔مندرجہ ذیل جملوں کو درست ترتیب دیجیے:**

۲ بیج سے کونپل پھوٹتی ہے۔

۴ جڑیں پودے کو مضبوط کرتی ہیں۔

۱ بیج زرخیز زمین میں بویا جاتا ہے۔

۳ کونپل زمین پھاڑ کر باہر آتی ہے۔

۵ تنا اور پتے نکل آتے ہیں۔

۶ درخت پتوں اور شاخوں سے ہرے بھرے ہو جاتے ہیں۔

۹ مالی پھل توڑتا ہے۔

۷ پہلے پھول آتے ہیں۔

۸ پھل پکتے ہیں۔

**سرگرمی ۔۷۔پودوں کو پھلنے پھولنے کے لیے کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟**

ج:۔زمین کی زرخیزی کے علاوہ پودوں کو سورج کی روشنی، مناسب مقدار میں پانی اور ہوا کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔

سرگرمی۔۸۔مختلف پھلوں کے بیج اکھٹے کیجیے اور ان کے الگ رنگ،تعداد اور جسامت پر معلوماتی کتابچہ بنائیں۔(بچے خود کریں گے)

## قواعد

سرگرمی۔۹۔مندرجہ ذیل جملوں میں ''ختمہ'' یا ''سوالیہ نشان'' لگائیے:

۱۔آج بارش ہو رہی ہے۔

۲۔تم جلدی آجانا۔

۳۔تم کیا کھاؤ گے؟

۴۔ابو دفتر سے کتنے بجے لوٹیں گے؟

۵۔میں نے کتاب مکمل کرلی ہے۔

۶۔تم نے اپنے ہاتھ کھانے سے پہلے کیوں نہیں دھوئے؟

## آیئے تخلیق کار بنیں

سرگرمی۔۱۰۔تصور کیجیے کہ آپ ایک سائنسدان ہیں اور آپ نے اپنے تجربے کے نتیجے میں ایک نیا پھل اُگایا ہے۔لکھیے آپ کا پھل کیسا ہے،اس کا رنگ کیسا ہے،اس کا ذائقہ کیسا ہے۔آپ نے اس کا نام کیا رکھا ہے۔پھل کی تصویر بھی بنائیے۔

طلبا و طالبات کو یہ سرگرمی گروہوں کی صورت میں کروائی جائے۔ ہر گروہ اپنے پھل پر پیشکش جماعت کے سامنے پیش کرے۔

# کوشش کیے جاؤ

### قبل از مطالعہ

سرگرمی۔۱۔کوئی ایسا کام یاد کیجیے جو آپ نے بہت محنت سے کیا ہو۔اس پر اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے ساتھ گفتگو کیجیے۔

نوٹ: بچے یہ سرگرمی خود کریں گے۔

### دوران مطالعہ

سرگرمی۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملائیے:

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | لٹیا ڈبونا | الف۔تلاش | ۶ | توقع | ہ۔بہادر |
| ۲ | طاق | ب۔حملہ | ۷ | ہچکچانا | ذ۔دیوار میں بنا خانہ |
| ۳ | مشقت | ج۔کام خراب کردینا | ۸ | اُدھار | ز۔اُمید |
| ۴ | جستجو | د۔کام | ۹ | شیر دل | ح۔محنت |
| ۵ | وار | و۔جھجک محسوس کرنا | ۱۰ | بیڑا | ط۔قرض |

۱۔ج۔ ۲۔د۔ ۳۔و۔ ۴۔الف۔ ۵۔ب۔ ۶۔ز۔ ۷۔ح۔ ۸۔ط۔ ۹۔ہ۔ ۱۰۔ذ۔

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

**وار جستجو مشقت توقع طاق**

۱۔گاؤں کے لوگ روشنی کی لئے طاق میں دیا جلا کر رکھتے ہیں۔

۲۔مزدوروں نے بڑی مشقت کے ساتھ سارا سامان اوپر کی منزل پر پہنچایا۔

۳۔شکاری نے ایک ہی وار سے شیر کا کام تمام کر دیا۔

۴۔کالے بادلوں کی وجہ سے سب کو توقع تھی کہ جلد ہی بارش ہوگی۔

۵۔ہم اسی وقت ترقی کر سکتے ہیں جب ہمارے اندر آگے بڑھنے کی جستجو ہوگی۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | ادھار | احمد نے اپنے پڑوسی سے کچھ پیسے ادھار لیے اس وعدے پر کہ وہ اگلے ماہ واپس کر دے گا۔ |
| ۲ | مشقت | بڑھئی نے بے حد مشقت سے الماری تیار کی۔ |
| ۳ | توقع | مجھے اس بار امتحان میں اے گریڈ آنے کی توقع ہے۔ |
| ۴ | شیر دل | احمد ایک شیر دل لڑکا ہے کیونکہ وہ اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا۔ |
| ۵ | جستجو | سارہ کو نئی چیزیں سیکھنے کی جستجو رہتی ہے۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

۱۔اگر دکان بند کر کے بیٹھ جائیں تو کیا ہوگا؟

ج:اگر دکان بند کر کے بیٹھ جائیں گے تو نہ سامان بیچ سکیں گے، نہ ہی خریداری ہوگی اور نہ ہی آمدنی ہوگی۔

۲۔نہ پڑھنے سے بہتر پڑھنا کیوں ہے؟ ج:اس لیے کہ پڑھ لکھ کر انسان کامیاب ہو جاتا ہے اور ان پڑھ انسان ناکام رہ جاتا ہے۔

۳۔محنت کے کیا فائدے ہوتے ہیں؟ ج:محنت کر کے انسان کامیاب ہو جاتا ہے۔

۴۔نظم میں جن کاموں کے نہ کرنے کا شاعر مشورہ دے رہے ہیں ان کی فہرست بنائیے۔

ج:۱۔کام چھوڑ کر نہ بھاگو، ۲۔نہ ہچکچاؤ، نہ ڈرو ۳۔ دیر نہ کرو۔

۵۔کن کاموں کے کرنے کا شاعر مشورہ دے رہے ہیں؟ فہرست تیار کیجیے۔

ج:۱۔کوشش جاری رکھو، ۲۔کام پورا کرو، ۳۔محنت اور جستجو کرتے رہو، ۴۔ہمت بلند رکھو، ۵۔علم حاصل کرو۔

**سرگرمی۔٦۔مندرجہ ذیل عمل کرنے کا کیا نتیجہ ہوگا؟**

| عمل | نتیجہ |
|---|---|
| ا۔کام کو چھوڑ کر بھاگ جانا۔ | کام نامکمل رہ جائے گا |
| ٢۔کوشش کرتے رہنا۔ | ایک دن کامیابی ضرور حاصل ہوگی |
| ٣۔طاق میں کتاب رکھ دینا۔ | فیل ہوجائیں گے / لاعلم / جاہل رہ جائیں گے |
| ۴۔پڑھتے رہنا۔ | اچھے نمبروں سے پاس ہوں گے، کامیاب ہوں گے۔ |
| ۵۔کام ہمیشہ پورا کرنا۔ | اگلے دن کیلئے کام جمع نہیں ہوگا |
| ٦۔محنت سے کبھی نہ گھبرانا۔ | بڑے سے بڑا کام بھی آسان ہوجائے گا |

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی۔۷۔شاعر اس نظم سے ہمیں کیا پیغام دے رہے ہیں؟**

ج: شاعر اس نظم میں ہمیں یہ پیغام دے رہے ہیں کہ ہمیں محنت سے جی نہیں چرانا چاہیئے اور نہ ہی ہمت ہارنی چاہیئے، جو لوگ کوشش کرتے رہتے ہیں وہی کامیاب ہوتے ہیں۔

**سرگرمی۔۸۔محنت سے بھاگنے والے اور محنت کرنے والے میں کیا فرق ہوتا ہے؟**

| محنت سے بھاگنے والے | محنت کرنے والا |
|---|---|
| کوئی کام مکمل نہیں ہوتا | سب کام وقت پہ مکمل ہوتے ہیں |
| زندگی میں ناکام ہوتے ہیں | زندگی میں کامیاب ہوتے ہیں |
| امتحان میں فیل ہوتے ہیں | اچھے نمبروں سے پاس ہوتے ہیں |
| کوئی ان پہ فخر نہیں کرتا | سب ان پہ فخر کرتے ہیں |
| سست ہوتے ہیں | چاق و چابند ہوتے ہیں |
| کوئی ان کو پسند نہیں کرتا | سب انہیں پسند کرتے ہیں |

## قواعد

**سرگرمی۔۹۔مندرجہ ذیل جملوں میں سے فعل، فاعل اور مفعول کو الگ کر کے تحریر کیجیے۔**

| جملے | فاعل | مفعول | فعل |
|---|---|---|---|
| ا۔آمنہ نے بڑی محنت سے کھیر بنائی ہے۔ | آمنہ | کھیر | بنائی |
| ۲۔خالہ نے میری قمیض سی دی ہے۔ | خالہ | قمیض | سی دی |
| ۳۔علی نے میز صاف کر دیا۔ | علی | میز | صاف کر دیا |
| ۴۔باجی نے ابو کو خط لکھا۔ | باجی | خط | لکھا |
| ۵۔امی نے آج بریانی پکائی ہے۔ | امی | بریانی | پکائی |



**سرگرمی۔۱۰۔مندرجہ ذیل عبارت میں نظم سے مفعول چن کر لگائیں اور عبارت مکمل کیجیے:**

جو دکان بند کر کے بیٹھ گیا اس نے تو لٹیا ہی ڈبو دی۔ہمیں کبھی کام چھوڑ کر نہیں بھاگنا چاہیے۔ہمیں کوشش کرتے رہنا چاہیے۔اگر ہم کتاب طاق پر رکھ دیں گے تو امتحان میں کیا کریں گے۔جہاں تک ہو سکے ہمیں کام پورا کرنا چاہیے۔ہمیں مشقت اٹھانی چاہیے اور مصیبت بھرنی چاہیے۔ہمیں شیر دل بن کر شکار مارنا چاہیے۔اور مشقت میں اُدھار نہیں رکھنا چاہیے۔

## آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی۔۹۔مندرجہ ذیل نقشے کی مدد سے ''محنت کی عظمت'' پر کہانی تحریر کیجیے:**

### کہانی کا نقشہ

| کردار | مقام |
|---|---|
|  |  |
| **مسئلہ** | **حل** |
| | |

| سبق | اختتام |
|---|---|
| | |

نوٹ: یہ کام اساتذہ کی رہنمائی میں بچے خود کریں گے۔

# کوئلہ کہاں سے آیا؟

**قبل از مطالعہ**

سرگرمی۔۱۔کیا آپ نے کبھی تکّے بنتے دیکھے ہیں؟ تکوں کو کس چیز پر پکایا جاتا ہے؟ ج: کوئلوں پر

**دورانِ مطالعہ**

سرگرمی۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملائیے:

| نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | دہکتے ہوئے | الف۔تلاش |
| ۲ | ٹکی ہوئی | ب۔بہت زیادہ مٹی |
| ۳ | جستجو | ج۔جلتے ہوئے |
| ۴ | اشتیاق | د۔وہ چیز جو جل کر گرمی پیدا کرتی ہے |
| ۵ | منوں مٹی | و۔جمی ہوئی |
| ۶ | ایندھن | ہ۔شوق |

۱۔ج۔ ۲۔و۔ ۳۔الف۔ ۴۔ہ۔ ۵۔ب۔ ۶۔د۔

سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:

ایندھن ٹکی جستجو دہکتے ہوئے اشتیاق

۱۔وہ سب دوست مل کر دہکتے ہوئے کوئلوں پر کڑاہی پکا رہے تھے۔

۲۔عامر کی نظر اندھیرے میں چمکتی ہوئی دو آنکھوں پر ٹکی ہوئی تھی۔

۳۔مجھے چاند کے بارے میں جاننے کا بہت اشتیاق ہے۔

۴۔لکڑی، گیس اور پٹرول سب ایندھن کی قسمیں ہیں۔

۵۔مجھے پڑھنے کے لئے عمدہ کتابوں کی جستجو رہتی ہے۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | ایندھن | گاؤں میں لوگ لکڑیوں کو بھی بطور ایندھن استعمال کرتے ہیں۔ |
| ۲ | جستجو | کامیابی کے لیے محنت اور آگے بڑھنے کی جستجو ضروری ہے۔ |
| ۳ | دہکتے ہوئے | علی نے دہکتے ہوئے کوئلوں پر سیخیں رکھیں۔ |
| ۴ | اشتیاق | سالانہ کتب میلے میں سارہ بہت اشتیاق سے گئی۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

۱۔ناسک اور گھر والے کیا بنا رہے تھے؟ ج: ناسک اور گھر والے تکے بنا رہے تھے۔

۲۔ناسک کیا جاننا چاہتا تھا؟ ج: ناسک جاننا چاہتا تھا کہ کوئلہ کہاں سے آتا ہے؟

۳۔جب پودے اور جانور مر جاتے ہیں تو کہاں جاتے ہیں؟ ج: جب پودے اور جانور مر جاتے ہیں تو زمین میں دفن ہو جاتے ہیں۔

۴۔زمین کے اندر کیا ہوتا ہے؟ ج:۔زمین کے اندر بہت گرمی ہوتی ہے۔

۵۔پیٹ کیا ہوتا ہے؟ ج: پیٹ گلے سڑے پودوں اور جانوروں کا مرکب ہوتا ہے۔

۶۔کوئلہ ہمارے پاس کیسے آتا ہے؟ ج: کوئلہ زمین کھود کر نکالا جاتا ہے۔زمین کے اندر کوئلے کی کانیں ہوتی ہیں جہاں ڈھیروں کوئلہ صدیوں سے دفن ہوتا ہے۔

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی۔۶۔کوئلے کے متعلق مندرجہ ذیل فلو چارٹ مکمل کیجیے:**

| |
|---|
| جانور اور پودے مرتے ہیں |

⇩

| |
|---|
| ۔۔زمین کے اندر دفن ہو جاتے ہیں۔ |

⇩

| |
|---|
| پیٹ |

⇩

| |
|---|
| ـــــــــــکوئلہـــــــــــ |

⇩

| |
|---|
| ـــــــزمین میں ذخیرہـــــ |

⇩

| |
|---|
| کوئلے کی کان |

⇩

| |
|---|
| ---------ایندھن--------- |

## قواعد

**سرگرمی۔۷۔مندرجہ ذیل جملوں کو فعل ماضی میں تبدیل کیجیے:**

| | |
|---|---|
| ا۔میں سیب کھا رہا ہوں۔ | میں نے سیب کھایا۔ |
| ۲۔میں کل پارک جاؤں گا۔ | میں کل پارک گئی۔ |
| ۳۔میں کہانی لکھ رہا ہوں۔ | میں نے کہانی لکھی۔ |
| ۴۔ہم لاہور جا رہے ہیں۔ | ہم لاہور گئے۔ |
| ۵۔تم کہاں سے آ رہے ہو؟ | تم کہاں سے آئے تھے؟ |

## آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی۔۸۔بچو! آپ نے لیموں کا شربت تو بہت دفعہ پیا ہوگا۔نیچے لیموں کا شربت بنانے کی ترکیب کچھ بے ترتیب ہوگئی ہے۔اس کو صحیح ترتیب میں کیجیے۔**

__۲__ دو چمچے چینی ڈالیں۔

__۴__ لیموں کو دو حصوں میں کاٹیں۔

__ا__ ایک گلاس ٹھنڈا پانی لیں۔

__۷__ برف ڈال کر مزے سے پیئیں۔

__۳__ چمچے کی مدد سے چینی کو اچھی طرح حل کر لیں۔

__۵__ لیموں کو گلاس میں نچوڑ لیں۔

__۶__ اگر چاہیں تو چٹکی بھر نمک بھی شامل کر لیں۔

**سرگرمی۔۹۔اب اوپر کی ترتیب کو دیکھتے ہوئے چائے بنانے کی ترکیب، صحیح ترتیب کے ساتھ تحریر کیجیے۔**

**نوٹ: یہ کام طلباء و طالبات خود کریں گے۔**

# نعت

**قبل از مطالعہ**

**سرگرمی۔۱۔اللہ کے رسول ﷺ کی تعریف کرنے کے لیے کوئی پانچ الفاظ تحریر کیجیے۔**

ج:ہادی ،مبشر ،نذیر ،عابد ، عربی

**دوران مطالعہ**

**سرگرمی۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

قرآن پوجا راستے دوا غارِحرا

۱۔رسول ﷺ نبوت سے پہلے بھی سوچ و بچار کرنے کے لیے غارِحرا جاتے تھے۔

۲۔مکہ میں اسلام سے پہلے لوگ بتوں کی پوجا کرتے تھے۔

۳۔مجھے راستے میں ایک بلی دکھائی دی۔

۴۔ہمیں زندگی کا طریقہ سیکھنے کے لیے قرآن پڑھنا چاہیے۔

۵۔احمد کو ڈاکٹر نے بخار کی دوا دی۔

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | رستہ | میرے گھر سے اسکول کا رستہ بہت دور ہے۔ |
| ۲ | دوا | زھرہ کو کھانسی کی دوا لینے کے باوجود آرام نہیں آیا۔ |
| ۳ | سامان | گھر کی تبدیلی کے لیے گھر کا سارا سامان ٹرک کے ذریعے نئے گھر پہنچایا گیا۔ |
| ۴ | زندگی | اللہ تعالیٰ نے ہمیں صحت مند زندگی دی جس پر ہمیں اللہ کا بہت شکر گزار ہونا چاہیے۔ |

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

۱۔غارِحرا سے رسول اللہ ﷺ کیا لے کر آئے تھے؟ ج: غارِحرا سے رسول اللہ ﷺ زندگی کا سامان لے کر آئے۔

۲۔ہمیں راستہ بتانے کے لیے نبی ﷺ کیا لے کر آئے؟ ج:ہمیں رستہ بتانے کے لیے نبی ﷺ قرآن مجید لے کر آئے۔

۳۔شاعرہ نے ''دوا'' کس چیز کو کہا ہے؟ ج:قرآن مجید

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی۔۵۔نبی ﷺ نے ہم سب کی زندگی کیسے بدلی؟** ج: نبی ﷺ نے سیدھی راہ بتا کر سب کی زندگی بدل دی۔

**سرگرمی۔۶۔نبی ﷺ کے آنے سے پہلے شاعرہ نے لوگوں کو بھٹکا ہوا کیوں کہا ہے؟**

ج: اس لیے کہ لوگ اللہ کے بجائے بتوں کی پوجا کرتے تھے اور اللہ کی نافرمانی میں مبتلا تھے۔

**سرگرمی۔۷۔ نبی ﷺ کے آنے سے پہلے لوگ کیسے تھے اور بعد میں کیسے ہو گئے؟ نظم کی مدد سے تین نکات لکھیے۔**

| نمبر شمار | پہلے | بعد میں |
|---|---|---|
| | بتوں کی پوجا کرتے تھے | اللہ کی ملنے کی راہ بتائی |
| | رستہ معلوم نہیں تھا | قرآن لے آئے |
| | بھٹک رہے تھے | منزل کا نشان بتایا |

## قواعد

**سرگرمی۔۸۔ مندرجہ ذیل جملوں میں مناسب صفت لگا کر جملے مکمل کیجیے:**

۱۔ میری بلی کے تین بلونگڑے ہیں۔

۲۔ میرے پاس ایک قیمتی گاڑی ہے۔

۳۔ سارہ نے نئے کپڑے پہن رکھے ہیں۔

۴۔ میرا دوست بہت ذہین ہے۔

۵۔ ابو کے بال سفید ہیں۔

۶۔ میری امی نے بہت مزیدار کباب بنائے ہیں۔


۷۔ میری خالہ کا گھر بہت ہوادار ہے۔

۸۔ میرے اسکول کی لائبریری میں بہت دلچسپ کتابیں ہیں۔

## آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی۔۹۔ پیارے نبی ﷺ پر جال کی مدد سے مضمون تحریر کیجیے۔**

**نوٹ: یہ کام طلبا و طالبات خود کریں گے۔**



# کتابیں کہاں رکھوں؟

**قبل از مطالعہ**

**سرگرمی۔۱۔آپ اپنی کتابیں کہاں رکھتے ہیں؟ج:** کتابوں کی الماری میں رکھتے ہیں۔

**دوران مطالعہ**

**سرگرمی۔۲۔مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملائیے:**

| نمبر شمار | الفاظ | معنی | نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | نظر دوڑانا | الف۔لکڑی کا چُورا | ۵ | سلیقے سے | و۔غور سے |
| ۲ | ہدایت | ب۔کام کے آلات | ۶ | توجہ سے | ہ۔ٹوٹی ہوئی چیز کو ٹھیک کرنا |
| ۳ | برادہ | ج۔تلاش کرنا | ۷ | مرمت | ذ۔لکڑی سے چیزیں بنانے والا |
| ۴ | اوزار | د۔رہنمائی | ۸ | بڑھئی | ز۔اچھے طریقے سے |

۱۔ج۔ ۲۔د۔ ۳۔الف۔ ۴۔ب۔ ۵۔ز۔ ۶۔و۔ ۷۔ہ۔ ۸۔ذ۔

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

سلیقے     برادہ     توجہ     نظر دوڑائی     مرمت

۱۔میں نے جماعت میں نظر دوڑائی مگر مجھے احمد کہیں نظر نہ آیا۔

۲۔بڑھئی کے جانے کے بعد کمرے میں ہر طرف لکڑی کا برادہ پھیلا ہوا تھا۔

۳۔موچی نے میرے جوتے مرمت کر دیئے ہیں۔

۴۔باجی اپنی ہر چیز بہت سلیقے سے رکھتی ہیں۔

۵۔میں اپنے اساتذہ کی بات پوری توجہ سے سنتا ہوں۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | اوزار | سنار اپنے اوزار کی مدد سے بہترین زیورات بناتے ہیں۔ |
| ۲ | ہدایات | استاد صاحب نے پرچہ شروع کرنے سے پہلے پرچے سے متعلق ہدایات دیں۔ |
| ۳ | توجہ | امی فہد کو پڑھا رہی تھیں مگر اس کی ساری توجہ باہر کھیلتی ہوئی فرح کی آواز پر تھی۔ |
| ۴ | مرمّت | ابو نے ٹوٹے ہوئے دروازے کی مرمت کر کے اسے ٹھیک کر دیا۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل جملوں کے سامنے درست کالم میں ☆ کا نشان لگائیے:**

| نمبر شمار | جملے | درست | غلط | معلوم نہیں |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | امی احسن کو کمرہ سمیٹنے کا کہہ رہی تھیں۔ | ☆ | | |
| ۲ | کمرے میں دو پلنگ، میز اور قالین تھا۔ | | ☆ | |
| ۳ | احسن کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کتابیں کہاں رکھے۔ | ☆ | | |
| ۴ | احسن کے کمرے میں کھلونے بھی تھے۔ | | | ☆ |
| ۵ | احسن کے ابو کا نام خالد تھا۔ | | | ☆ |
| ۶ | بڑھئی آری سے لکڑی کاٹ رہا تھا۔ | ☆ | | |
| ۷ | احسن کو بڑھئی کے کام سے کوئی دلچسپی نہیں تھی۔ | | ☆ | |
| ۸ | بڑھئی کامران صاحب کے کارخانے میں کام کرتا تھا۔ | | | ☆ |
| ۹ | بڑھئی شیلف بنا رہا تھا۔ | ☆ | | |
| ۱۰ | احسن شیلف دیکھ کر پریشان ہو گیا۔ | | ☆ | |

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی۔۶۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

۱۔کہانی میں کون کون سے کردار ہیں؟ ج: امی ، ابو، احسن اور بڑھئی۔





۲۔کہانی میں مسئلہ کیا تھا؟ ج: کتابیں کہاں رکھی جائیں؟

۳۔مسئلہ کیسے حل ہوا؟ ج: کتابیں رکھنے کے لیے شیلف بنا دیا گیا تو مسئلہ حل ہو گیا۔

۴۔بڑھئی کیا کام کرتا ہے؟ ج: بڑھئی لکڑی کی چیزیں بناتا ہے اور لکڑی کی چیزیں جب خراب ہو جائیں تو ان کی مرمت بھی کرتا ہے۔

۵۔آپ کے خیال میں بڑھئی کیسا پیشہ ہے؟ ج: میرے نزدیک بڑھئی کا پیشہ بہت محنت والا ہے لیکن اچھا ہے۔

سرگرمی ۔۷ ۔ مندرجہ ذیل اوزاروں کو ان کی تصویر اور کام سے ملائیے:

| نمبر شمار | اوزار | تصویر | کام |
| --- | --- | --- | --- |
| ۱ | آری |  | لکڑی کاٹنے کا کام |
| ۲ | ہتھوڑی |  | ٹھوکنا |
| ۳ | کیل |  | لکڑی کے تختوں کو جوڑنا |
| ۴ | پیچ کس |  | پیچ کسنا |
| ۵ | ڈرل مشین |  | سوراخ کرنا |

## قواعد

سرگرمی ۔۸ ۔ مندرجہ ذیل واحد الفاظ کی جمع تحریر کیجیے:

| نمبر شمار | واحد | جمع |
| --- | --- | --- |
| ۱ | بستہ | بستے |
| ۲ | رسالہ | رسائل |
| ۳ | کتاب | کتب |
| ۴ | ڈبہ | ڈبے |
| ۵ | کہانی | کہانیاں |

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | لکڑی | لکڑیاں |
| ۷ | تختہ | تختے |
| ۸ | آری | آریاں |
| ۹ | الماری | الماریاں |
| ۱۰ | کرسی | کرسیاں |
| ۱۱ | سیڑھی | سیڑھیاں |
| ۱۲ | دروازہ | دروازے |
| ۱۳ | تھیلا | تھیلے |

**سرگرمی۔۹۔مندرجہ بالا فہرست میں سے ۵ جمع الفاظ کے جملے بنائیے۔**

۱۔احمد نے گھر کے تمام کمروں میں الماریاں بنوائیں۔

۲۔دادی جان نے نہایت دلچسپ کہانیاں سنائیں۔

۳۔باجی نے کتابوں اور رسائل کو میز پر علیحدہ علیحدہ رکھا۔

۴۔میں نے بسکٹ کے ڈبے کچرے میں پھینک دیئے۔

۵۔امی نے بھائی سے کہا کہ کرسیاں صحن میں رکھو۔

**سرگرمی۔۱۰۔اپنے جمع جملوں کو واحد میں تبدیل کیجیے۔**

۱۔احمد نے گھر کے تمام کمروں میں الماری بنوائی۔

۲۔دادی جان نے نہایت دلچسپ کہانی سنائی۔۔

۳۔باجی نے کتاب اور رسالے کو میز پر علیحدہ علیحدہ رکھا۔

۴۔میں نے بسکٹ کا ڈبہ پھینک دیا۔

۵۔امی نے بھائی سے کہا کہ کرسی صحن میں رکھو۔

## آیئے تخلیق کار بنیں


**سرگرمی۔۱۱۔مندرجہ ذیل پیشہ ور کیا کام کرتے ہیں؟ ایک کتابچہ تیار کیجیے۔(یہ کام طلباء وطالبات گروہوں کی صورت میں خود کریں گے)**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔نائی | ۴۔بڑھئی | ۷۔مچھیرا | ۱۰۔قلی | ۱۳۔کمہار | ۱۶۔راج مستری |
| ۲۔قصائی | ۵۔باورچی | ۸۔کسان | ۱۱۔بیرا | ۱۴۔درزی | ۱۷۔معالج |
| ۳۔لوہار | ۶۔موچی | ۹۔مزدور | ۱۲۔ملاح | ۱۵۔مالی | ۱۸۔معلم |

# بھائی بُھلکڑ

## قبل از مطالعہ

**سرگرمی۔ا۔ باتیں بھولنے کے کیا نقصانات ہوتے ہیں؟ جال بنایئے۔**




## دوران مطالعہ

**سرگرمی۔۲۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملایئے:**

| نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ا | گڑبڑ | الف۔خریدی ہوئی چیز |
| ۲ | بُھلکڑ | ب۔ قیمت |
| ۳ | راہ | ج۔ جو بہت بھولتا ہو |
| ۴ | موزہ | د۔گڈ مڈ کرنا |
| ۵ | چونک اٹھنا | و۔راستہ |
| ۶ | سودا | ہ۔جراب |
| ۷ | دام | ذ۔واپس آجانا |
| ۸ | لوٹ پڑنا | ز۔ہوشیار ہوجانا |

ا ۔د۔ ۲۔ج۔ ۳ ۔و۔ ۴۔ہ۔ ۵ ۔ز۔ ۶۔الف۔ ۷۔ب۔ ۸۔ذ۔

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

چونک موزہ گڑبڑ بُھلکڑ دام

ا۔میں نے بہت احتیاط سے میز پر برتن رکھے تاکہ کوئی __گڑبڑ__ نہ ہو۔

۲۔میرے جوتوں میں سے صبح ایک __موزہ__ غائب تھا۔

۳۔اسد نے اتنے زور سے دروازہ کھٹکھٹایا کہ میں چونک گیا۔

۴۔آج کل پھلوں کے دام بہت زیادہ ہیں۔

۵۔میرا چھوٹا بھائی بہت ہی بھلکڑ ہے، ہر چیز بھول جاتا ہے۔

**سرگرمی۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ا | گڑبڑ | میں نے اپنے بستے میں ٹائم ٹیبل کی مدد سے کتابیں رکھیں تاکہ کوئی گڑبڑ نہ ہو۔ |
| ۲ | بھلکڑ | عامر بہت بھلکڑ ہے ہمیشہ آدھا سامان لاتا ہے۔ |
| ۳ | سودا | امی جان نے بازار سے سودا لاکر ترتیب سے جگہ پر رکھا۔ |
| ۴ | راہ | راہ چلتے ہوئے ہمیشہ احتیاط سے چلنا چاہئے۔ |

**سرگرمی۔۵۔مندرجہ ذیل جملوں کے سامنے درست کالم میں ☆ کا نشان لگایئے۔**

| جملے | درست | غلط | موجود نہیں |
|---|---|---|---|
| ا۔بھائی بھلکڑ کی باتیں گڑبڑ ہوتی ہیں۔ | ☆ | | |
| ۲۔وہ جوتا اور موزہ ایک ساتھ پہنتے ہیں۔ | | | ☆ |
| ۳۔وہ کنگھا اُلٹا پھیرتے ہیں۔ | ☆ | | |
| ۴۔وہ اپنے اسٹیشن سے آگے پہنچ جاتے ہیں۔ | ☆ | | |
| ۵۔وہ اکثر راستہ بھول جاتے ہیں۔ | ☆ | | |
| ٦۔وہ دام دے کر سودا لیتے ہیں۔ | | ☆ | |
| ۷۔وہ بیٹھے ہوں تو چوکنا رہتے ہیں۔ | | ☆ | |

**سرگرمی۔٦۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

ا۔شاعر کے دوست کیسے ہیں؟ ج: شاعر کے دوست بھلکڑ ہیں۔

۲۔آپ کے خیال میں وہ چار اسٹیشن آگے کیوں پہنچ جاتے ہیں؟ ج: اس لیے کہ ان کو بھولنے کی عادت تھی۔

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی۔۷۔بھائی بھلکڑ نظم کے مطابق کیا کیا بھولتے ہیں؟ فہرست بنایئے۔**

ا۔رستہ ۲۔بستہ ۳۔اسٹیشن ۴۔ٹوپی ۵۔جوتا ٦۔موزا ۷۔پیسے دینا ۸۔سودا لینا

**سرگرمی۔۸۔نظم کونثر کی صورت میں لکھیے۔**

ہمارے دوست بھائی بھلکڑ ہیں ان کی ساری باتیں گڑ بڑ ہیں۔راستہ بھول جاتے ہیں بس میں جارہے ہوں تو بستہ بھول جاتے ہیں۔یہ حضرت جب ریل میں بیٹھتے ہیں تو چار اسٹیشن آگے اترتے ہیں۔ٹوپی ہوتو جوتا غائب ہوتا ہے اور اگر جوتا ہوتو موزا غائب ہوتا ہے۔ پیالی میں چمچہ اُلٹا ہے اور کنگھا اُلٹا پھیر رہے ہیں۔چلتے چلتے لوٹ آتے ہیں اور بیٹھے بیٹھے چونک پڑتے ہیں۔سودا لے لیں تو دام نہیں دیتے اور دام دے دیے تو چیز نہیں لیتے۔

## قواعد

**سرگرمی۔۹۔نظم سے تمام اسم چُن کر فہرست بنایئے۔**

۱۔بستہ ۲۔دوست ۳۔ریل ۴۔اسٹیشن ۵۔ٹوپی ۶۔جوتا ۷۔موزا ۸۔پیالی ۹۔چمچہ ۱۰۔کنگھا ۱۱۔بھائی
۱۲۔ راہ/ رستہ ۱۳۔بس ۱۴۔ سودا ۱۵۔ دام ۱۶۔چیز

**سرگرمی۔۱۰۔مندرجہ ذیل واحد جملوں کو جمع جملوں میں تبدیل کیجیے:**

| | |
|---|---|
| ۱۔مجھے تمہاری بات سمجھ میں آگئی ہے۔ | ☆ مجھے تمہاری باتیں سمجھ میں آگئی ہیں۔ |
| ۲۔مجھے اسکول کا راستہ یاد ہے۔ | ☆ مجھے اسکولوں کے راستے یاد ہیں۔ |
| ۳۔میرا بستہ لال رنگ کا ہے۔ | ☆ میرے بستے لال رنگ کے ہیں۔ |
| ۴۔میرے پاس سفید ٹوپی ہے۔ | ☆ میرے پاس سفید ٹوپیاں ہیں۔ |
| ۵۔تمہارا جوتا کہاں ہے؟ | ☆ تمہارے جوتے کہاں ہیں؟ |
| ۶۔میز پر پیالی اور چمچہ ہے۔ | ☆ میز پر پیالیاں اور چمچے ہیں۔ |

## آیئے تخلیق کار بنیں


**سرگرمی۔۱۰۔اپنے دوست کے بارے میں مندرجہ ذیل خاکہ پُر کیجیے اور خاکے کی مدد سے ایک عبارت تحریر کیجیے۔**

**نوٹ:** یہ سرگرمی طلبا و طالبات خود کریں گے۔

# آؤ مل کر کھیلیں

**قبل از مطالعہ**

سرگرمی ۔۱۔ اگر ہمارے گھر میں کوئی مہمان آئے تو ہمیں اس کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟ جال بنائیے۔




**دوران مطالعہ**

**سرگرمی ۔۲۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملائیے:**

| نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | آغاز ہونا | الف۔ ہاں کہنا |
| ۲ | ہلچل | ب۔ جھجکنا |
| ۳ | پکوان | ج۔ شروع ہونا |
| ۴ | ہچکچانا | د۔ بھاگ دوڑ |
| ۵ | اثبات | و۔ معافی مانگنا |
| ٦ | معذرت | ہ۔ کھانے |

۱ ۔ج۔ ۲۔د۔ ۳۔ہ۔ ۴۔ب۔ ۵ ۔الف۔ ٦۔و۔

**سرگرمی ۔۳۔ مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

ہچکچانا ہلچل آغاز معذرت پکوان

۱۔ ہمارے اسکول میں ۱۴ اگست کے پروگرام کا **آغاز** ہو چکا ہے۔

۲۔ دعوت میں مزے مزے کے **پکوان** تھے۔

۳۔ علی نے اپنی غلطی مان کر فوراً کامران سے **معذرت** کر لی۔

۴۔ ہمیں نیکی کا کام فوراً کرنا چاہیے اور **ہچکچانا** نہیں چاہیے۔

۵۔ لاہور جانے کی تیاری کی وجہ سے پورے گھر میں **ہلچل** مچی ہوئی تھی۔

**سرگرمی ۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | ہچکچانا | خالہ جان کے گھر احمد مٹھائی لے جاتے ہوئے ہچکچا رہا تھا۔ |
| ۲ | آغاز | سارہ نے آج سے تجوید سے قرآن پڑھنے کا آغاز کر لیا۔ |
| ۳ | معذرت | احمد نے بخار کی وجہ سے دعوت میں جانے سے معذرت کر لی۔ |
| ۴ | پکوان | شادی میں طرح طرح کے نہایت لذیذ پکوان تھے۔ |

**سرگرمی ۔۵۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

۱۔گھر میں ہلچل کیوں تھی؟ ج: چچا جان اور چچی جان کے اپنے بچوں کے ساتھ آنے کی خبر سے گھر میں ہلچل تھی۔

۲۔ابو کتنے بجے اسٹیشن گئے اور کب واپس آئے؟ ج: ابو چار بجے مہمانوں کو لینے ریلوے اسٹیشن چلے گئے اور چھ بجے واپس آئے۔

۳۔امی نے مہمانوں کے لیے کیا تیاری کی تھی؟ ج: امی نے مزیدار پکوان تیار کیے تھے۔

۴۔امی نے یوسف اور عائشہ کو کیا کرنے کو کہا؟ ج: امی نے یوسف اور عائشہ کو کہا: کہ وہ اسد اور سارہ کو اپنے کمرے میں لے جائیں اور مل کر کھیلیں۔

۵۔یوسف اپنے کھلونے اسد کو کیوں نہیں دے رہا تھا؟ ج: یوسف اپنے کھلونے اسد کو اس لیے نہیں دے رہا تھا کہ اسے ڈر تھا کہ کہیں وہ توڑ نہ دے۔

۶۔بچے کس کو دیکھ کر سیکھتے ہیں؟ ج: بچے اپنے بڑوں سے سیکھتے ہیں۔

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی ۔۶۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

۱۔کہانی میں کتنے لوگوں کے نام آئے ہیں؟ ج: کہانی میں چار لوگوں کے نام آئے۔

۲۔کہانی میں کتنے رشتوں کا ذکر ہے؟ ج: کہانی میں چار رشتوں کا ذکر ہے۔

۳۔کہانی میں مسئلہ کیا تھا؟ ج: یوسف اور عائشہ، اسد اور سارہ کو اپنے کھلونے نہیں دے رہے تھے۔

۴۔کہانی میں مسئلہ کیسے حل ہوا؟ ج: امی اور ابو کے سمجھانے سے مسئلہ حل ہو گیا۔

۵۔اس کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ ج: اس کہانی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں اپنی چیزیں دوسروں کے ساتھ مل بانٹ کر استعمال کرنی چاہیے۔

# قواعد

**سرگرمی۔۷۔مندرجہ ذیل مذکر الفاظ کے مونث لکھیں:**

| نمبر شمار | مذکر | مونث | نمبر شمار | مذکر | مونث |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | والد | والدہ | ۸ | بھائی | بہن |
| ۲ | بیٹا | بیٹی | ۹ | چچا | چچی |
| ۳ | تایا | تائی | ۱۰ | ماموں | ممانی |
| ۴ | گھوڑا | گھوڑی | ۱۱ | مرغا | مرغی |
| ۵ | استاد | استانی | ۱۲ | مالی | مالن |
| ۶ | درزی | درزن | ۱۳ | بِلّا | بلّی |
| ۷ | بادشاہ | ملکہ | ۱۴ | شہزادہ | شہزادی |

**سرگرمی۔۸۔مندرجہ ذیل مذکر جملوں کو مونث میں تبدیل کیجیے:**

۱۔میرے والد بہت نیک آدمی ہیں۔ ☆میری والدہ بہت نیک عورت ہیں۔

۲۔میرا بھائی اچھا لڑکا ہے۔ ☆میری بہن اچھی لڑکی ہے۔

۳۔میرے چچا قورمہ شوق سے کھاتے ہیں۔ ☆میری چچی قورمہ شوق سے کھاتی ہیں۔

۴۔ماموں گاڑی تیز چلاتے ہیں۔ ☆ممانی گاڑی تیز چلاتی ہیں۔

۵۔عید پر درزی ڈھیروں کپڑے سیتا ہے۔ ☆عید پر درزن ڈھیروں کپڑے سیتی ہے۔

## آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی۔۹۔اپنے کسی پسندیدہ کھلونے کی تصویر بنائیں اور اس کے بارے میں ایک عبارت تحریر کیجیے۔**

نوٹ: یہ سرگرمی طلبا و طالبات خود کریں گے۔

# ہم بے خبر تھے

**قبل از مطالعہ**

**سرگرمی۔۱۔کیا آپ کسی غریب بچے کو جانتے ہیں؟اس کی اور آپ کی زندگی میں کیا فرق ہے؟ تین نکات لکھیے ۔**

ج:

| | |
|---|---|
| ا۔ہمیں کھانے کے لیے طرح طرح کی چیزیں ملتی ہیں۔ | ا۔اس کو پورے دن کی خوراک بھی نہیں مل پاتی۔ |
| ۲۔ ہمارے پاس رہنے کے لیے بہترین گھر ہے۔ | ۲۔اس کے پاس رہنے کے لئے بس ایک چھونپڑی ہے۔ |
| ۳۔ہم اچھے اداروں میں تعلیم بھی حاصل کرتے ہیں اور قیمتی کھلونوں سے کھیلتے ہیں۔ | ۳۔اس کے پاس نہ تو کتابیں ہوتی ہیں اور نہ ہی کھلونے۔ |

**دورانِ مطالعہ**

**سرگرمی۔۲ مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملائیے:**

| نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ا | دبے پاؤں | الف۔جس کو پتا نہ ہو |
| ۲ | جُھگی | ب۔ضرورت |
| ۳ | ادھورا | ج۔آہستہ آہستہ چلنا |
| ۴ | کبیرہ | د۔جھونپڑی |
| ۵ | رخصت کرنا | و۔نامکمل |
| ۶ | بے خبر | ہ ۔بہت بڑا |
| ۷ | حاجت | ذ۔بہت بڑا |
| ۸ | ضبط | ز۔قابو |

ا ۔ج۔ ۲ ۔د۔ ۳ ۔و۔ ۴۔ہ۔ ۵ ۔ذ۔ ۶۔الف۔ ۷ ۔ب۔ ۸۔ز۔

**سرگرمی۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

رخصت کبیرہ حاجت جُھگی دبے پاؤں

ا۔امی کے جاگ جانے کے ڈر سے علی دبے پاؤں کمرے میں داخل ہوا۔

۲۔جھوٹ بولنا کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔

۳۔ مجھے اس وقت کھانے کی __حاجت__ نہیں۔

۴۔ اسکول کے گیٹ پر بچی نے اداسی سے امی کو __رخصت__ کیا۔

۵۔ میرے گھر کے پاس غریب لوگوں کی __جھگی__ ہے۔

**سرگرمی۔۴۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | رخصت | خالہ جان اور ان کے بچوں کو رخصت کرنے ہم ایئرپورٹ گئے۔ |
| ۲ | حاجت | مجھے اس وقت چائے کی حاجت محسوس ہو رہی ہے۔ |
| ۳ | ادھورا | لائٹ کے چلے جانے سے میرا کام ادھورا رہ گیا۔ |
| ۴ | بے خبر | سارہ موجودہ حالات سے بے خبر ہے کیونکہ وہ خبریں نہیں سنتی۔ |

**سرگرمی۔۵۔ مندرجہ ذیل جملے کہانی کے کس کردار کے بارے میں ہیں؟**

| نمبر شمار | جملے | کردار |
|---|---|---|
| ۱ | تھوڑی دیر میں سامان لے آیا۔ | مصطفیٰ |
| ۲ | بتی بجھائی۔ | امی |
| ۳ | اسے روز رات میں بھوک لگ جاتی ہے۔ | حمنہ |
| ۴ | فریج سے سامان تھیلے میں ڈال رہے تھے۔ | دو لڑکے |
| ۵ | بھوک لگی ہے۔ | چھوٹا لڑکا |
| ۶ | اسے یاد آیا کہ وہ دروازہ بند کرنا بھول گیا تھا۔ | مصطفیٰ |
| ۷ | نظریں جھکائیں خاموش کھڑے رہے۔ | دو لڑکے |
| ۸ | کھانا گرم کر کے لڑکوں کو دیا۔ | امی |
| ۹ | وعدہ کیا کہ آئندہ نہیں کریں گے۔ | دو لڑکے |
| ۱۰ | سر پکڑ کر بیٹھ گئے۔ | ابو |
| ۱۱ | حیرت سے دیکھنے لگا۔ | مصطفیٰ |

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی ۔٦۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے:**

۱۔ناشتہ لینے کون گیا تھا؟ ج: ناشتہ لینے مصطفیٰ گیا تھا۔

۲۔لڑکے باورچی خانے میں کیا کر رہے تھے؟ ج:لڑکے فریج سے کھانے کی چیزیں نکال کر تھیلے میں ڈال رہے تھے۔

۳۔آپ کے خیال میں کیا لڑکے قصوروار تھے؟ ج:نہیں،لڑکے قصوروار نہیں تھے۔

۴۔ابو کیوں رو رہے تھے؟ ج:ابو اس لیے رو رہے تھے کہ وہ اپنے پڑوسیوں کے حالات سے بے خبر رہے۔

۵۔اس کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ ج:ہمیں اپنے اردگرد کے لوگوں کے حالات سے باخبر رہنا چاہئے اور وقت پڑنے پر ان کی مدد کرنی چاہیے۔

٦۔آپ کے خیال میں مصطفیٰ اور ان لڑکوں کی زندگی میں کیا فرق تھا؟ کوئی تین فرق لکھیں۔

| نمبر شمار | مصطفیٰ | لڑکے |
|---|---|---|
| ۱ | گھر اچھا تھا۔ | جھگی میں رہتے تھے۔ |
| ۲ | کھانے کے لیے بہت سی نعمتیں تھیں۔ | کھانے کے لیے کچھ نہیں تھا۔ |
| ۳ | بہت سی سہولیات تھیں جیسے فریج۔ | محروم تھے۔ |

## قواعد

**سرگرمی ۔۷۔مندرجہ ذیل جملوں میں سے فعل، فاعل اور مفعول چن کر درست کالم میں تحریر کیجیے:**

| نمبر شمار | جملے | فعل | فاعل | مفعول |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | مصطفیٰ سامان لے آیا۔ | لے آیا | مصطفیٰ | سامان |
| ۲ | حمنیٰ نے سیب کھایا۔ | کھایا | حمنہ | سیب |
| ۳ | لڑکوں کے ہاتھ سے تھیلا گر گیا۔ | گر گیا | لڑکے | تھیلا |
| ۴ | لڑکوں نے کھانا تھیلے میں ڈالا۔ | ڈالا | لڑکے | کھانا |
| ۵ | لڑکے جھگی میں رہتے تھے۔ | رہتے | لڑکے | جھگی |
| ٦ | امی نے کھانا گرم کیا۔ | گرم | امی | کھانا |
| ۷ | لڑکوں نے کھانا کھایا۔ | کھایا | لڑکے | کھانا |
| ۸ | ابو نے سر پر ہاتھ پھیرا۔ | پھیرا | ابو | ہاتھ |

## آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی ۔۸۔ نیچے دیے گئے اشاروں کی مدد سے کہانی تحریر کیجیے:**

کردار: ایک سات سال کا بچہ، اس کی امی اور ابو

مسئلہ: بچہ اپنی امی سے جھوٹ بولتا ہے۔


حل: ابو سمجھاتے ہیں اور بچہ سمجھ جاتا ہے۔

نوٹ: یہ سرگرمی طلبا و طالبات خود کریں گے۔

# وطن کی شان

### قبل از مطالعہ

**سرگرمی ۔۱۔ آپ کو پاکستان میں کیا کیا پسند ہے؟ جال بنائیے۔**




### دورانِ مطالعہ

**سرگرمی ۔۲۔ مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے معنوں سے ملائیے:**

| نمبر شمار | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | نعرۂ تکبیر | الف ۔ بڑائی ۔ شان |
| ۲ | دم سے | ب ۔ نیت |
| ۳ | پہچان | ج ۔ اللہ اکبر کا نعرہ |
| ۴ | ٹھان لینا | د ۔ وجہ سے |
| ۵ | عزم | و ۔ علامت ونشانی |
| ۶ | عظمت | ہ ۔ پکا ارادہ کرنا |

۱۔ج۔ ۲۔د۔ ۳۔و۔ ۴۔ہ۔ ۵۔ب۔ ۶۔الف۔

**سرگرمی ۔۳۔مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

پہچان ٹھان عزم عظمت نعرۂ تکبیر

۱۔کشمیر ریلی میں سب نے **نعرۂ تکبیر** بلند کیا۔

۲۔نبی ﷺ کی **عظمت** دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔

۳۔احمد نے اس بار **ٹھان** لی ہے کہ وہ ہمیشہ سچ بولے گا۔

۴۔سال کے شروع میں سب بچوں نے **عزم** کیا کہ وہ اپنی کمزوریوں کو دُور کرنے کی کوشش کریں گے۔

۵۔سوات کی خوبصورت وادی دنیا بھر میں پاکستان کی **پہچان** ہے۔

**سرگرمی ۔۴۔مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیے:**

| | الفاظ | جملے |
|---|---|---|
| ۱ | دم سے | نانی جان کہتی ہیں کہ گھر کی رونق تو ننھی فاطمہ کے دم سے ہے۔ |
| ۲ | شان | اللہ ہی کی شان ہے کہ وہ اپنی تمام مخلوقات کی حاجات سے باخبر ہے۔ |
| ۳ | عزم | علی نے عزم کرلیا کہ کہ وہ اب باجماعت نماز ہی ادا کیا کرے گا۔ |
| ۴ | عظمت | اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے ہم اپنے ملک کی بڑائی وعظمت میں اضافہ کرسکتے ہیں۔ |

**سرگرمی ۔۵۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے:**

۱۔نعرۂ تکبیر کسے کہتے ہیں؟ ج: اللہ اکبر کے نعرہ کو نعرہ تکبیر کہتے ہیں۔

۲۔ہمیں کیا ٹھان لینا چاہیے؟ ج: ہمیں یہ ٹھان لینا چاہئے کہ اگر وطن کی خاطر ہمیں اپنی جان دینی پڑے تو تیار رہیں گے۔

۳۔شاعرہ نے کس کے لئے عظمت کی پہچان بننے کی دعا کی ہے؟ ج: شاعرہ نے پرچم کے لیے عظمت کی پہچان بننے کی دعا کی ہے۔

**بعد از مطالعہ**

**سرگرمی ۔۶۔پاکستان ہمارے لیے اللہ کا انعام کیسے ہے؟** ج: اس لیے کہ یہاں ہم آزادی سے زندگی گزارتے ہیں۔

**سرگرمی ۔۷۔ہمیں وطن کے لیے کیا کرنا چاہیے؟** ج: ہمیں اپنے وطن کی خدمت کرنی چاہئے تاکہ دنیا میں اس کا نام روشن ہو۔

**سرگرمی ۔۸۔اس نظم میں شاعرہ نے کیا پیغام دیا ہے؟** ج: شاعرہ یہ پیغام دے رہی ہیں کہ یہ وطن اللہ کی طرف سے انعام ہے لہٰذا اس کی ترقی کے لیے ہمیں محنت کرنی چاہئے۔

## قواعد

**سرگرمی۔۹۔مندرجہ ذیل الفاظ کو ان کے متضاد سے ملائیے:**

| نمبر شمار | الفاظ | متضاد | نمبر شمار | الفاظ | متضاد |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | بہادر | ا۔آہستہ | ۹ | آزاد | ح۔صلح |
| ۲ | بلند | ب۔غائب | ۱۰ | اصل | ط۔حلال |
| ۳ | باریک | ج۔بزدل | ۱۱ | آسان | س۔غلام |
| ۴ | تیز | د۔پست | ۱۲ | اچھا | ف۔نقل |
| ۵ | ٹھنڈا | و۔موٹا | ۱۳ | اپنا | ل۔مشکل |
| ۶ | ٹیرھا | ہ۔سُست | ۱۴ | جنگ | ن۔بُرا |
| ۷ | چست | ذ۔گرم | ۱۵ | حرام | م۔دُور |
| ۸ | حاضر | ز۔سیدھا | ۱۶ | قریب | ی۔پرایا |

۱۔ج ۲۔د ۳۔و ۴۔الف ۵۔ذ ۶۔ز ۷۔ہ ۸۔ب ۹۔س ۱۰۔ف

۱۱۔ل ۱۲۔ن ۱۳۔ی ۱۴۔ح ۱۵۔ط ۱۶۔م

**سرگرمی۔۱۰۔قوسین میں دیے گئے الفاظ کے متضاد کی مدد سے جملے مکمل کیجیے:**

۱۔علی کا دوست بہت بزدل ہے۔(بہادر)

۲۔سردیوں میں اس نے موٹا کوٹ پہن رکھا تھا۔(باریک)

۳۔ہوا بہت تیز چل رہی ہے۔(سست)

۴۔اتنا ٹھنڈا پانی پیو گے تو کھانسی بڑھ جائے گی۔(گرم)

۵۔آج استاد صاحب نے بہت آسان کام کرنے کو دیا۔(مشکل)

۶۔فرحان نے کبھی حرام مال نہیں کمایا۔(حلال)

۷۔آج نبیل جماعت سے غائب تھا۔(حاضر)

۸۔یہ سڑک بالکل سیدھی ہے۔(ٹیڑھی)

### آیئے تخلیق کار بنیں

**سرگرمی۔۱۱۔پاکستان کے بارے میں مندرجہ ذیل معلومات اکھٹی کیجیے:**

نوٹ: یہ سرگرمی طلباء وطالبات خود کریں گے۔

سرگرمی۔۱۲۔مندرجہ بالا معلومات کی مدد سے پاکستان پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔

نوٹ: یہ سرگرمی طلباء وطالبات خود کریں گے۔

# گنتی

سرگرمی ۱۔انگریزی ہندسوں کو درست اردو ہندسوں اور الفاظ سے ملائیں۔

| انگریزی ہندسے | اردو ہندسے | الفاظ |
|---|---|---|
| الف۔ 7 | i۔ ۶ | ۱۔ اکیس |
| ب۔ 14 | ii۔ ۳ | ۲۔ پچیس |
| ج۔ 3 | iii۔ ۲ | ۳۔ دو |
| د۔ 6 | iv۔ ۷ | ۴۔ سات |
| و۔ 28 | v۔ ۱۴ | ۵۔ چودہ |
| ہ۔ 2 | vi۔ ۱۶ | ۶۔ اُنیس |
| ح۔ 25 | vii۔ ۱۹ | ۷۔ اٹھائیس |
| ذ۔ 16 | viii۔ ۲۱ | ۸۔ تین |
| ز۔ 21 | ix۔ ۲۵ | ۹۔ سولہ |
| س۔ 19 | x۔ ۲۸ | ۱۰۔ چھے |

| | اُردو ہندسے | الفاظ |
|---|---|---|
| الف۔ : | ۷ | سات |
| ب۔ : | ۱۴ | چودہ |
| ج۔ : | ۳ | تین |
| د۔ : | ۶ | چھ |
| و۔ : | ۲۸ | اٹھائیس |
| ہ۔ : | ۲ | دو |

ح۔ : ۲۵ پچیس

ذ۔ : ۱۶ سولہ

ز۔ : ۲۱ اکیس

س۔ : ۱۹ انیس

**سرگرمی ۲۔ مندرجہ ذیل کالم مکمل کیجیے۔**

| انگریزی ہندسے | اردو ہندسے | الفاظ |
|---|---|---|
| 1 | ۱ | ایک |
| 2 | ۲ | دو |
| 9 | ۹ | نو |
| 13 | ۱۳ | تیرہ |
| 17 | ۱۷ | سترہ |
| 20 | ۲۰ | بیس |
| 22 | ۲۲ | بائیس |
| 25 | ۲۵ | پچیس |
| 30 | ۳۰ | تیس |

**سرگرمی ۳۔ اردو ہندسوں کی مدد سے خالی جگہ پُر کیجیے۔**

ا۔ اسلامی یا ہجری سال میں (بارہ) ۱۲ مہینے ہوتے ہیں۔

۲۔ پاکستان کے (چار) ۴ صوبے ہیں۔

۳۔ پاکستان (گیارہ) ۱۱ رن سے میچ جیت گیا۔

۴۔ ابو بازار سے (تین) ۳ قلم لائے تھے۔

۵۔ گھڑی میں (چھے) ۶ بج رہے ہیں۔

**سرگرمی۴۔اردو الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کیجیے۔**

علی (۸) ___آٹھ___ سال کا ہے اور تیسری جماعت کا طالبِ علم ہے۔ علی کے پڑوس میں اس کا (۱) ___ایک___ دوست رہتا ہے جس کا نام احمد ہے۔ علی اور احمد (۵) ___پانچ___ وقت کی نماز پابندی سے پڑھتے ہے۔ اس سال رمضان المبارک میں علی نے (۱۵) ___پندرہ___ روزے رکھے اور اگلے سال پورے روزے رکھنے کا ارادہ کیا۔ علی اور احمد نے عید کے (۳) ___تین___ دن خوب مزے کیے۔